و دولت پر ٹھوکر مارتے تھے اور اِن کي اولاد بھي اپنے باپ دادا کي سنت کو جاري رکھکر فقيري اختيار کيے دين کو دُنيا پر مُقدم جانتے تھے اگرچہ يے لوگ دولتمندان اور غير جِنس کي قوم کے آنکھون مين خوار و ذليل هين ليکن بادشاهان اور اُمراي اِسلام کے نزديک هميشہ مغزز و ممتاز رهکر قدر و حُرمت زيادہ رکھتے هين اور اُس قول پر سير و تواريخ کے کِتابان دليل هي

حضرت پيغمبر صلے اللّٰه عليہ و سلم کيے رحلت کے بعداز ابو بکر صدّيق و عُمر فاروق و عثمان بن عفان و حضرت علي ابنِ ابي طالب عليهم السّلام ايک کے بعداز دوسرہ خلافت کے تخت پر بيٹھے و حضرت علي کے بعداز حضرت اِمام حسن عليہ اِلسلام اُن کے بعداز معاويہ تخت خِلافت کو زيب زيدت بخشے جب کہ خِلافت معاويہ‌بن يذيد کو پُهنچي حضرت اِمام ذين العابدين عليہ السّلام بن حضرت اِمام حُسين عليہ السلام کو

هي چنانچہ فِرعون خُدائي کا دعوا کيا اور احکام
حضرتِ موسے علیہ السّلام کے نہین مانا باوجودیکہ بِہ
برا دولتمند اور بادشاہِ وقت تھا لوگ اُس پر لعنت
کرتے ھین اور اُس کے تابعان کو کافر سمجھتے اِس
صورت مین خلق کو نہ چاھیے کہ دُنیا کي دولت
کي طمع سے فرمان برداري بے دین لوگون کي کرین
اور خُدا ناترس عُمدہ لوگون کے پاسِ خاطر کے واسطے
دین سے غفلت قبول کرین اور اُسکے سِوایے مُسلمانان
نجیب و شریف ھین کہ اھل مین نبي و اصحاب
و خلفا الرّا شدین کي اولاد سے ھین کہ اِنکي نِسبت
عالي و نجابت ذاتي کمال مشہوري سے ضرورت
بیان کرنیکي نہین اور فقیري و دُرویشي هماري ذات
مین عیب نہین بلکہ سب فقیري هُنر هي کیونکہ
هماري پیغمبر صلے اللّٰہ علیہ و سلم اور سب اصحاب
پیغمبو کے تاج شاهي و کُلاہ سروري کتین فقیري کے
کفش و نعلین کے برابر سمجھتے تھے اور دُنیا کے مال

هندوستانیان کي نسبت ناداني و بیوقوفي سے مشہور هین

مین جواب دیا کہ نجابت و شرافت دُنیا کي دولت پر موقوف نهین بلکہ نجابت عِلم سیکهنے اور نیک عمل کرنیے اور شرع کا حکُم ماننے اور خُدا و رسول کو خوشنود کرنیے پر موقوف هي اگر عُمدہ لوگ دولت کي غرور سے یا ترغیب سے خواهِش شیطاني کے خِلاف دین و مذهب کي کوئي کام کرتے هین تو فیالحقیقت بد کرتے هین اور غریب مُسلمان کو نهین چاهیئے کہ دولتمندان کي مُتابعت و پیروي کریے اور خُدا اور رسول کیے حکم کو جهوٹ سمجهے اور دولتمندان کیا چیز هین اگر فرشتہزادہ یا پیغمبرزادہ بے دین اور بد مذهب هوویے اور غریب پلاس‌پوش و فقیر نیک عمل و دین‌دار رهیے تو اهلِ دین کے نظرون مین وُہ فرشتہ و پیغمبرزادہ بد و خوار دِستا هي اور وُہ غریب دیندار کي عِزّت و حُرمت زیادہ

عُمدہ لوگ مُسلمان کي قوم کے سامھنے شراب پینے
کے لیے شرم کرتے تھے اور بولتے کہ ھم شراب نھین پیتے
ھین جب کہ مجلس غیر لوگون سے خالي ھوتي تھي
پیالہ ساقي کے ھاتھ سے چھین لیتے اور شراب پیتے
تھے اور کھتے کہ شراب خوب چیز ھي کہ اُس سریکي
دوسري نعمت دُنیا مین نھین لیکن مُسلمانان کے
دین مین یِھہ باب منع ھي کہ شراب کو کِسي
کے رو برو نہ پیا چاھیے اگر غیر لوگون کے رو برو پیوین
تو برا عیب ھي نھین تو شراب کو پوشیدہ پینا
کُچھہ مضایقہ نھین اور تُم غریب لوگون کے قِسم سے
ھین اور نوّاب و نوّاب‌زادگان کي قِسم سے نھین علاوہ
یِھہ کہ اِس مُلک مین تنھا ھین اور دوسرا کوئي
تُمھاري قوم والا تُمھارے نیک و بد فِعل سے خبر
نھین رکھتا ھي اِس کے سِوائے کھانے اور شراب پینے سے
پرھیز کرنیکا سبب کیا ھي لیکن اِس بات کا
یِھہ سبب ھي کہ تُم بنگالي ھین اور بنگالیان

نوکر کو حکم کیا کہ چاول و مُرغ و مصالہ اور دوسرا اسباب حاضر کر میں اوس حالت میں بھي مُرغ کو ذبح کرکر قلیہ پکایا اور تھوڑے چاول پکاکر قلیے کے ساتھہ کھایا اور دو پھر تک سوگیا اور فجر خیریت سے اُٹھا اور ایک ہفتے تک لندن کے شہر میں تھا اور اپنے ہاتھہ سے پکاکر کھاتا تھا اور بعداز گاري میں سوار ہوکر جو چار شخص ملکر شراکت سے کِرایہ کئے تھے ادمبري کو پُہنچا اور دوسرے وقعہ کوھستان کے گانوں میں کہ کپتن سن کا برا بھائي وھان کا قاضي تھا اور وُہ گانوں ادمبري سے تھوڑا دور ھي کپتن سن خواہ مخواہ مُجھکو اکیلا اپنے ساتھہ لیگیا تھا اور وھاں بھي تین دِن رات یہي حالت سے گُذري

ایک روز کپتن سن مُجھہ سے کہا کہ میں بنگالے کے ملک میں بیس برس رہا اور مُسلمانان کا طریق خوب دیکھا اور وھان کے نوابان و اُمرازادگان سے ہم مجلس رہا اور ہمیشہ اُنکے ساتھہ ہمپیالہ اور ہمنوالہ تھا جب

هي اور دوسريے کو وُہ غِذا ناگوار معلوم هوتي هي
خصُوص همارے اور تُمهارے رسم و عادت مين مغرب
و مشرق کا فاصِلہ هي

القِصّہ معدے کا تنور بهوک کي آتش سے بيحد
گرمي پيدا کيا اور شکم کي ديک اشتها کي زيادتي
سے دوچند جوش مارنے لگي جو پهلے اُس کاروان‌سرا
مين تهورا مغز بادام وغيرہ کهايا اور شربت پيا
تها اوس کهانے پينے سے بهوک اور بهي زيادہ هوي

جب کہ لندن کے شهر مين پُهنچا غش کي حالت
ميرے پر هوي اور ناقوتي سے دو پهر تلک بيهوش
پرگيا اور مُردے کے سريکا حرکت و هلنا موقوف هوگيا
اُس وقت مين کپتن س کا خِدمتگار ميرا يِہ احوال
ديکهکر گُمان کيا کہ مين مرگيا هون اور کپتن کو
خبر کيا وُہ گهبراکر ميرے سِرهانے آيا اور مجهکو نيند
سے جگايا اور احوال پوچها مين جواب ديا کہ
خيريت هي مگر ضعِف هي بعداز کپتن س اپنے

گلا کاٹنے پر موقوف نہین گلا کاٹنے کے وقت کلمات تکبیر کے بولنا اور با وضو رهنا بهي ضرور هي کہ وُہ کام سِوائے مُسلمان کے دوسرے سے نہین هو سکہتا هي اور اِس کے سِوائے کھانا سالن بے مصالہ اور بے روغن و بےنمک کھانا تُمہاري عادت هي کہ جِس کھانے سے کچّي بو آتي هي اور وُہ بو سونگنے کو همارا دماغ نہین چہتا هي ویسا کھانا حلق کے نیچے کیسا اُتریگا

جِس وقت کہ مین یِہہ گُفتگو کیا کپتّن جین بچین هوا اور بهوان مین گِرہ دال‌کر کہا کہ تم مُسلمان لوگ سچ سمجہتے هین کہ هم لوگ غلیظ خوار هین تب مین جواب دیا کہ میري بات چیت تُمہارے غلیظ خواري اور اِهانت پر دلیل نہین مگر یِہہ کہ هر ایک مُلک کا ایک رسم اور هر قوم کي ایک عادت هي کہ اُس قوم کي عادت موافق غِذا اوسي قوم والے آدمي کے مِزاج کو خوش آتي

کہ تُمہارے اور ہمارے قوم والے کھاتے ہین اور وُہ چیز کہ تُمہارے قوم مین حرام ہي سو وُہ اب موجود نہین اور مُرغ کو ذُبح کرنے اور گردن مروڑنے مین زیادہ فرق نہین اور تُم بکرے کا گوشت اور چمڑا آدھے گلي تک کاٹتے ہین اور ہم بھي ویساہي کرتے ہین اور آپ سے آپ مُردے کو نہین کھاتے ہین اِس صورت مین تم ہمارا کھانا کھانے کے واسطے کیون عیب کرتے ہین اور دیدہ و دانستہ کلکتے کے بیوقوف لوگ سریکا تُم بھي نادان ہوتے ہین اور عبث تُم اپنے کو تضدیع و مِحنت مین دالتے ہو

مین جواب دیا کہ سچ ہي کہ تُمہاري قوم صاحِب کِتاب ہي البتہ دوسري بیے کتاب قوم سے بِہتر ہي لیکِن کھانا اُن لوگون کے ہاتھ سے پکا ہوا کھانا جایز رکھتے ہین کہ وُہ لوگ با طہارت ہووین اور باسن بھي پاک و صاف رہین مگر ذُبح کرنا مُسلمان کے ہاتھ کے سِوائے دُرسُت نہین کیونکہ ذُبح کرنا مخصوص

نہیں دیا تب بولا تُمہارے آدمي کو لیجانے کے خاطر
علاحدہ ایک گاري کِرایہ کرنا ضرور هي اور اِس واسطے
پانچ چھے روز کا توقّف هوگا اِس صورت میں اب
حُکم هي کہ تین دِن کے عرصے میں لندن کي عدالت
میں حاضر هونا ضرور هي پس گاري کرنے کے لیئے دیر
هو سکھتي هي کِسیطرح سے تُم اکیلے میرے ساتھ
چلنا درکار هي میں یِہ بات سُننے سے لاچار هوا اور
اپنے پر تضدیع سہکر خواهِش الهي پر راضي هوا اور
کپتن س کے ساتھ ایک گاري میں بیٹھکر روانہ هوا
اور صرف حُقّہ اور تھورا تمبّاکو اپنے ساتھ لیا ایک
دِن رات چلکر کوئي کاروان‌سرا میں پُهنچا اور تھورا
شربت اپنے هاتھ سے تیّار کرکر پیا اور ذرّہ بادام کا
مغز و کِشمش اور خرما ناشتہ کرکر دو تین گھونٹ پاني
پیا جب کہ کپتن س کے میز پر کھانا تیّار هوا وُہ
مُجھہ کو بُلایا اور بولا جو کھانا کہ سامھنے رکھا گیا هي
بیچ مُرغ و بکرے کا گوشت اور گیھون کي روٹي هي

حال پر شامِل تھا غرض سب طرح سے خیر و عافیت حاصِل ہوي

قِصّہ اِس گفتگو کا یِہ ہي اُوس وقت انگلند مین کلکتے کے کونسلیان کے بیچ مین قضیہ و مُناقِشہ ہوتا تھا اور اِن کا قضیہ عدالت مین رجوع ہوا تھا اور یِہ لوگ نواب مُظفر جنگ و مُہاراجہ نند کُمار اور مہاراجہ دولہہ رام سے رشوت لینے سے متہم ہوے تھے اِس مُقدمے کي گواہي کے واسطے کپتن س اور کپتن سٹیل اور بیکاک صاحب جو یِہ لوگ بنگالے سے انگلند مین تازہ وارد تھے عدالت مین بُلائے گئے تب کپتن س مُجھہ کو ساتھہ چلنے کے واسطے تصدیع دیا اور کہا کہ میرے پاس جو فارسي خُطوط ہین وُہ خطوط گواہي ثابِت ہونے پر دلیل ہي اُن خُطوط کے پڑھنے اور ترجُمہ کرنے کے لیئے تُمہارا چلنا میرے ساتھہ ضرور ہي مین تنہاھي اور تصدیع اور ہر ایک کھانے سے جو پرہیز ہي اِسکا عُذر کیا اور میرا عذر کُچھہ فایدہ

یا مجبور ہو یا قحط و مخمصے کی آفت مین گرفتار ہو جاوے تب جسطرح ہو سکے ویسا گذران کرنا عیب نہین اور اِس پر اہلِ دین بولیے ہین کہ جان کو دین کے واسطے فِدا کرنا بہتر ہے اور سب صورت مین شرع کے حکُم سے جو کام منع کیئے گیئے ہین اُس سے اِحتراز کرنا لازم و واجب ہے دُنیا کے واسطے اپنے اِختیار سے دین کو برباد نہ دیویے

القصّہ ایسے سوال و جواب میریے اور کپتّن س کے بیچ مین ہوتے تھے اور کپتّن کو اِس بات کا گُمان تہا کہ یہہ شخص یعنے مین ایسے جوابان جو مُجھہ کو دیتا ہے حماقت اور دین کے غرور کے سبب سے ہے نہین تو ضرور و لاچاری کے وقت اور دو روز کے فاقہ کشی کے بعداز کیا ممکِن ہے جو میریے ساتھہ کھانا نکھاویے جیسا کہ اِس بات کو کپتّن س اِمتحان مین لایا اگرچہ مین دو ہفتے تلک کمال تصدیع اپنے پر اُٹھایا جب کہ فضلِ الہی میریے

اور عجایب و غرایب دیکھنے کا نہایت شوق ہي
لیکن میرا آدمي کھانے پکانے کے واسطے ساتھ چلے
تو مُضایقہ نہیں کپتن س جواب دیا کہ مین اوز
تُم ایک گاري مین بیٹھکر سفر کرینگے اور تُمہارے
آدمي کے واسطے دوسري گاري کِرایہ کرنے سے خرچ
بُہت ہوگا یِہہ بات بہتر ہي کہ تُمہارا آدمي یہان رہے
اور تُم میرے ساتھ کھانا کھاوینگے مین جواب دیا دُنیا
کے واسطے دین کو برباد کرنا اِسلام کے مذہب و آہین
سے نِہایت دور ہي کہ مُجھہ کو اِس کام سے معاف
و معذور رکھو کپتن س جواب دیا کہ مُجھے مسلمانون
کے عقاید سے خبر ہي کہ مُسافرت کي حالت مین
بسبب ضرورت کے جِسطرح کوئي گذران کرسکے تو
اُس کا کچھہ مضایقہ نہین مین جواب دیا کہ اِسوقت
مین جِس طور سے کہ گذران ہو سکتا ہي سو اپنے
اِختیار سے ہي اضطرار کي حالت کُچھہ نہین اضطرار
و ضرورت کي معني وُہ ہي اگر کوئي قید مین پھنسے

امیري سے بهتر هي اور سانولے رنگ کے عورتان هندوستان کے انگلند کے پري رویان سے بهتر هي ۔کپتن سن بولا کہ میرا اِرادہ ایسا هي کہ تمکو ساتھ لیکر فرنگستان کے مُلک کے اطراف سیر کرون اِس صورت مین تمکو اور مُجھے عجایب و غرایب چیزان مُلک کیے دیکھنے سے فایدہ و تجربہ حاصِل هوگا

کپتن سن کا اِرادہ اِس سفر کرنے سے یِہ تھا کہ ناواقِف لوگون کیے دِلمین میرا لِباس دیکھنے سے اِس بات کا گُمان تھا کہ یِہ شخص یعنے مین بنگالے کے نوّاب کے بھایان سے هي اور کپتن سن بهي بنگالے کو جاکر ایسا عُمدہ هوا کہ وهان کے نوّاب کے بھائي کو اپنے ساتھ لایا هي چنانچہ ادمبرہ کے شہر مین اور اطراف شہر مین نامورِي سے مشہور هوا اور مجھہ کو مُلک بملک ساتھ لیکر پھرنے سے اِس سے زیادہ مشہور هوویے

مین جواب دیا کہ مجھہ کو ملک بملک پھرنے

سے فارسي پڑھینگے اور دل سے تُم پر مہربان ہوکر عُمدہ طور سے پرورش کرینگے اور بنگالے مین بھي کُچھہ مدد معاش تُمھارے جورو بچون کے واسطے مُقرّر کردینگے اگر ایک عورت کے عوض مین دو عورت تُم اپنے دین کے طریق موافق انگلند مین چھتے ھین تو اُس بات کا کُچھہ مُضایقہ نھین

مین اول دفعہ اِس قِسم کے گُفتگو کو میري طبع آزمائي کے واسطے ھي سمجھا اور کوئي جواب نھین دیا جب اُن کا بجد ھونا حد سے زیادہ ھوا اور یہ لوگ میرے دین و مذھب پر طعن و تشنیع کرنے لگے اور مُجھہ کو تصدیع دینا شروع کیے کہ تم ھمارے ساتھہ کھانے مین شریک ھو اور کپتن س کھا کہ تُم میرے ھمراہ سفر کرو تب تو مین کپتن س کے سلوک و مروت سے مایوس ھوکر خُدا کے توکّل پر نظر کرکر اپنے دین و آئین کے موافق اچھے جوابان دینے لگا

مین کھا میري وطن کي غریبي اِس ملُک کي

۱۶

یہہ کیفیت میرے اور کپتن س کے
بیچ میں تکرار ہونے کي — سبب
ہند کو پھر انے کیے — خاتمہ
کتاب کا

اُسوقت میں انگلند کے لوگ فارسي نوشتخواند سے عاري تھے اور فارسي سیکھنے کي بُہت خواهش رکھتے تھے چنانچہ کپتن س و داکتر فلتن اور کپتن سٹیل وغیرہ عُمدہ لوگ اِس بات کي فکر کیے اور بولیے کہ تُم انگلند میں تھوڑے روز رهو اِسیواسطے کپتن س بارها میرے سے کہا اور دوسرون سے پیغام کرایا اور مجھکو بُہت ترغیب دیا کہ اب انگلند میں کوئي شخص فارسي دان نہیں انگلند کے عُمدہ صاحبان تُم

آهسته ناز و نخرے سے چلتے اور هر وقت آرام طلبي اور نازنين طور کو اِختيار کرتے هين سچ هي که جِس مُلک مين سپاه و عُمده و عوام کا وضع نازنين و نامرد هووے تو البته بهادُران جو محنت کش و جنگ جو هين اُس مُلک پر غالب هووينگے

مِصراع

هر که شمشير زند سکه بنامش خوانند

اور مُلک کي خرابي نازنين و آرام طلب لوگون سے کسواسطے نهوگي

بيت

نازنين را عشق و زريدن نزيبد جان من
شيرِ مردانِ بلاکش پا در ين ميدان نِهند

دورتے اور هرگز هرن کا پیچھا نهین چهورتے هین اور اُس دور مین گهوریے اور سواران کي تعریف ایسي هي کہ دس بارا کوس هرن اور کُتّون کے پیچھے بےاندیشہ دورتیے اور یک لحظہ دم نهین لیتے اگر کوئي میدان مین خندق یا دیوار یا زمین کا اِحاطہ قد آدم سے زیادہ سامهنے آوے تو گهورون کو اُس کے اوپر سے اُراتے هین اور جب تک کہ بهاگے هوئیے هرن کو شِکار نهین کرتے تب تک آرام نهین پاتے هین

یِہہ بات سبکو معلوم هي کہ انگلند کے لوگ خصُوص عُمدہ لوگ اپنے لڑکون کو چار برس کي عُمر سے سواري کا هُنر سِکهاتے اور بودهاپیے تلک اُس کام مین کثرت کرتے هین اور سختي اوز مِحنت کرنے کو هُنر جانتے هین اور سُستي و آرام طلبي کو عیب سمجهتے هین برخِلاف اِس مُلک کے عُمدہ لوگ کے کہ پولاؤ کهاتے اور شوربے مین تهندا هوا سو پاني پیتے اور نرم مخمل کے بچهانے و مسند پر بیٹهتے اور آهستہ

دوسرا یہہ کہ اُس سے بڑے کُتّے لومڑي و خرگوش کو
شِکار کرتے ہین سچ ہي کہ کُتّا آدمي کي سیرت
رکھتا ہي کہ شِکار پکڑنے کا رسم دکھلاتا ہي دوسرا یہہ
کہ بڑے شِکاري کُتے اور عُمدہ لوگون کے شِکار کا دستور
ایسا ہي کہ انگلند مین تھوڑے لوگ اپني شراکت
سے سو کُتّے رکھتے ہین ایک سو یا پچاس آدمي مِلکر
شِکار کے واسطے میدان مین جاتے اور ہر ایک شخص
پُھرت دوڑنے والے گھوڑے پر سوار ہوتا ہي اور ایک
شِکاري کُتے اپنے ساتھہ لیکر گھوڑے پر سوار ہوکر ایک تُرتُري
اپنے ہاتھہ مین لیتا ہي اور کُتون کو چھوڑ دیتا ہي
اور کُتّے جنگل و میدان مین شِکار کي تلاش کرنے
جُدا جُدا ہوجاتے جب شِکاري تُرتُري پھونکتا ہي
اگر وُہ کُتے بہوت دور گئے ہووین تو بھي تُرتُري کا
آواز سُننے کے ساتھہ شِکاري کے نزدیک حاضر ہوتے
ہین اور پھر اوسکے اِشارے مُوافق شِکار دھوندنے کے
واسطے نِکلتے ہین جب ہرن کو دیکھتے اُس کے پیچھے

مین پوشیدہ تھے دوسرے دفعہ شِکار نہین دِسیا پھر
تو اُس کا خاوند بُہت غُصّے مین آیا وُہ کُتا جان کے
در سے دورکر جانوران کے نزدیک گیا اور جانوران ایکدم
سب اُرگئے اوس وقت سارجن صاحب بندوق چورا
اور دو تیتر کو شِکار کیا اور دوسرے طرف وُہ باغبان
بندوق چلایا اوس کے نشان مارنے سے ایک تیتر گِرپڑا
اور سارجن صاحب جانتا تھا کہ مُسلمانان بغیر ذُبح
کے نہین کھاتے اُسواسطے وہ تینون جانوران کو میرے پاس
لایا اور بولا کہ تُم ذُبح کرو جب کہ مین ذُبح کیا تینو
جانور مُجھہ کو دیا جب وُہ شِکار میرے کھانے مین آیا
مزےدار و لذید گوشت تھا اور کپتّن س تیتر شِکار
کرنے کي خبر سُنا بُہت افسوس کرکر کہا اگر ایک
دو تیتر تو مجھہ کو دیتا تو بہتر تھا کیونکہ وُہ شِکار
صاحِبان کے کھانے مین آتا مین بولا اگر مُجھکو صاحِبون
کي ضِیافت کي خبر معلوم ہوتي تو البتہ تینو تیتر
بھیج دیتا

پاتا یکایک کِسي کھیت مین پُھنچا کہ اُس کھیت
مین دس بارا تیتر گھانس و سبزي مین چرتے تھے
اور کُتّا جانوران کي بو سونگھکر بیس ھاتھ کے تفاوت
سے کھرا رھا اور کبھي اپنے صاحِب کا مُنہہ دیکھتا
اور کبھي سِر اوندھا دالتا اور سارجن صاحب دور
سے دیکھکر معلوم کیا کہ یِہہ کُتا شِکار دیکھا ھي اسواسطے
دورکر نزدیک گیا اور آگر دیکھا تو جانوران نظر نھین
آئے کُتّے پر غُصّہ سے دیکا کُتّا دس قدم آگے جاکر کھرا
رھا کیونکہ خاوند کے غُصّے کي حالت معلوم کیا کہ
شِکار نظر نھین آنے کے سبب سے مُجھہ پر غُصّہ کرتا
ھي اور میرا خاوند سمجھتا ھي کہ مین جھوٹ بولتا
ھون القصہ سارجن صاحب پھلي جائے سے تھورے قدم
آگے جاکر دیکھا تو کُچھہ شِکار نظر نھین پڑھا دوسرے
دفعہ بھي کُتّے پر غُصہ کیا اور کُتا پِھر تھوري دور آگے
جاکر کھرا ھوا سارجن صاحب کُتّے کے پیچھے گیا گیھون
کتے تھے اور گھانس بُھت تھا اور جانوران گھانس کے بیچ

کہ دروازہ میں دیکر بعداز حویلي کے اندر جاکر تماشا دیکھتے ھیں یہہ بھي طور پیسے پیدا کرنے کا ھي

انگلند کے کُتون کي تعریف مشہو ھي کہ انگلند لوگ کي تعلیم کے مُوافق کُتّے عجیب و غریب کام کرتے ھیں اور اُس بات کو اِس ملک کے عام لوگ سچ نہیں سمجھتے انگلند میں چھوٹے بڑے کُتے اور غوطخوار اور بوگیر کُتّے میں بُہت دیکھا ھون اُن سب سے چھوٹے کُتّے بوگیر عجب عجب کام کرتے ھیں جیسا کہ ایک روز ادنبرہ کے شہر کے میدان میں میں اور بیٹا سارجن صاحب کا اور یک مالي کاتک کے مہینے میں کہ گیھون اور جو کاتنے کا موسم تھا بندوق کے شِکار کے واسطے جاتیے تھے اور ایک چھوٹا کُتّا بوگیر سارجن صاحب کے ساتھہ تھا اور وُہ آگے آگے اور ھم سے تھوري دور جاتا تھا اور ھم پیچھے پیچھے چلتے تھے اور کُتّا شِکار کي تلاش میں ھر طرف جاتا اور بو سونگتا تھا اور کوي جگہہ شِکار کا نِشان نہیں

هي کہ دُنیا و آخرت کے واسطے کوي چیز کو ذخیرہ نہیں رکھتے ہیں جب کہ فجر مالک خانہ آیا تو ایک بدھ کو بھي نہیں دیکھا اور حیرت کرنے لگا اور لوگ جمع ہوئے اور ہر طرف بدھان کي تلاش کرنے لگے آخرش جس جگہہ بدھان کا مدفن تھا وھاں پُھنچے اور کِسي بدھ کے پر کو کہ زمین میں سے اوپر نظر آتا تھا دیکھے جب ایک مري ہوي بدھ ہاتھہ آئي اِس واسطے زمین کو کھودیے اور سب بدھان کو زمین سے اُٹھائیے اور مالِک بُہت افسوس کیا اور غمگین ہوا

ہاتي و اونٹ اور سیاہگوش وغیرہ وِلایت میں نہیں ہیے .جانوران کو لوگ اِس مُلک سے لیجاتے اور ایک بري حویلي کے درمیان رکھتے ہیں اور انگلند کے لوگ اِس قِسم کے حیوانون کتین عجایب المخلوقات جانتے ہیں اِس لئے نزدیک و دور سے تماشا دیکھنے کے واسطے آتے اول ایک دو روپیے حویلي

سازي سے مشہور هي کہ کوئي شخص کِسي گانون
مين لکريے کا گھر دس بارا هاتھ کا بُلند بناکر وهان
بدخان کو رکھکر رات کو گھر کا دروازہ مضبوط بندکرتا
تها ايک لومري همیشہ بدخان کو پکرنيے کے واسطے
نزديک پوشيدہ رهتي اور فرصت کا وقت دهوندتي
تهي يهان تک کہ ايک رات کو مالک بدخان کا
غفلت کيے سبب دروازہ بند نهين کيا اور اپنے گھر
کو چلا گيا اور دروازہ چشم عاشقان سريکا کُهلا رهگيا
اور کريم لوگ کے آستانے کے مانند نظر آتا تها وُہ
روباہ حيلگر قابو پاکر بِجلي اور باريے سيے بهي جلد
گھر کے اندر گُهسکر ايک ايک بدخ کا گلا اسطور سيے
پکري کہ بدخ کا آواز کِسيکيے سُننے مين نهين آيا
اور سب بدخان کو دور لےجاکر بالو کي زمين مين
دفن کردي اور زمين هموار بنائي اور اپنے خوراک
کے واسطے ذخيرہ پيدا کي سبحان آلہ ولايت کے لومريان
کو عقلِ معاش ايسي هي اور هماريے حال پر افسوس

پر سوار هوتے هین اور نرگھوریے کے دیکھنے سے شرمندہ هوتے

جو کھوریے سواري کے اور دورنے کیے هین وُہ بُهت جلد هین سو وُہ ایسے موٹے و جسیم نهین اور عربي و عراقي کھوریے انگلند مین بُهت عزیز و گِران قیمت هین

شیر و لاندگا و چیتا و ریچھہ وغیرہ درندیے اور اردها و سانپ و سیاہگوش و شغال وغیرہ کا کُچھہ اثر انگلند مین نهین بولتے هین کہ آگي طرح طرح کے درندیے و موزي جانوران تھے اور لوگ کو ایذا و تصدیع دیتے تھے اُسواسطے انگلند کے لوگ اِتفاق کرکر کئے آدمي کو مُقرر کئے وُہ لوگ تمام جنگل و پہارون مین پھرکر سب موزي جانوران کو ماردالیے اور اُن کا کُچھہ اثر باقي نهین رکھہ لیکن لومریانِ مکّار اور حیلساز غارون مین چھپ کر بچگئے

یِہہ نقل لومري کي انگلند مین حیلہ و فریب

انگلند کے ولایت کے گھوریے فربھي و قد و قامت
مین اِس مُلک کے دو گھورہ کے برابر ھي اور اِس
مُلک کے گھورون سے زیادہ محنت کرتے ھین اور
قیمت مین کم ھین اور غریبان کو گھوریے گاري کھینچتے
اور ناگرتے و بار برداري کے واسطے حاضر ھین اور اِس
مُلک کے لوگ بیل اور کدھیے اور اونٹ و بھینسون
سیے جو کام لیتے ھین ویسا ہی انگلند کے لوگ گھورون
سیے کار روائي کرتے ھین اور اِس مُلک مین بیلان
کو سواري اور بوجھہ کے خاطر لیتے اور گاري مین باندھتے
ھین یِہہ بات ولایت کے لوگ سُننے سے ھنستے اور
تعجّب کرتے ھین

انگلند کا رسم ھي کہ اکثر گھورون کو آختہ کرتے اور
دُم کاٹتے ھین آختہ کرنے و دُم کاٹنے کا سبب ایسا
دریافت مین آیا جو دُم دراز ھي اور گھورا دُم
ھِلانے سے سوار کو آسیب پھنچتا ھي اور آختہ کرنے
کا یِہہ وجہ ھي کہ اکثر ازراں و اشراف عورتان گھورون

بولتے هین چُنانچہ مین جا بجا بُهت دیکها اور لال مٹّي کہ جِس کو هندوان گیرو بولتے هین وُہ بهي بُهت دیکهنے مین آئي

دستور کهیت لگاني کا یِہ هي کہ تهنڈ و برف کے دِنون مین چار مهینے تلک زمین یخ بسته رهتي هي جب کہ جیٹ کے مهینے مین آفتاب بُرج حمل مین آتا هي اُس وقت آفتاب کي گرمي سے برف پاني هو جاتي هي اور زمین کو سیراب کرتي هي اُس وقت زمین کو دو کهورے اور بعضے لوگ چار کهورے کے ناگر سے ناگرتے هین اور تُخم جو وغیرہ کے چهرکتے هین چار پانچ مهینے کے بعداذ کهیت تیار هوتا هي اور اناج کاٹے جاتا هي اور وِلایت مین میهون کم و زیادہ بارا مهینے پرتا رهتا هي لیکِن هر برس مین ایک فصل کے سوائے دوسرا نهین برخِلاف هندوستان کے کہ هر سال دو فصل هین ایک فصل ربیع دوسرا فصل خریف کا هي

جب کِسي شخص کو سفر کا اِرادہ هوتا هي تو وُہ سرا کو جاکر جهان پُهنچنا هي وهان تک کا کِرايہ دينا ضرور هي

ميل‌کوچ ايک بري گاري هي کہ اُسمين چار آدمي رو برو بيٹهتے هين وُہ گاري منزل بمنزل جاتي هي اور غريب لوگ اکثر کِرايُہ کے گهورون پر سوار هوکر چلتے اور جو کہ نِهايت غريب هي وُہ لوگ پُيدل جاتے هين

کِشت و کاري کا دستور اِس ملُک کے سريکا نهين اکثر انگلند کي زمين خراب اور پهتّر مِلي هوي هي اور زمين صالحہ کم پهلے زمين سے پهتّر کے ٹُکرے چُن‌کر زمين کو صاف کرتے هين اُس کے بعداز گوبر اور ليد پرال مين مِلاکر زمين پر ڈالتے اور بُهت مشقّت سے زمين کو زِراعت کے لايق نباتے هين اور هر ايک قِسم کي زراعت اُس زمين مين پيدا کرتے هين

خاکِ سُفيد کہ جِسے انگريزي زبان مين چاک

هي کہ هر ایک منزلمین چوریہ و برہ کاروان‌سرا مُقرر
هین کہ وهان دانا گهانس اور کهانا پینا لوگون کا تیار
کرتے هین اور مسافر کو کهانیے اور پکانے کي تصدیع
نهین هوتي هي اور مسافر کوئي چیز کے مُحتاج نهین
هوتے اگر کِسي کو عورتون کے ساتهہ مباشرت کي خواهِش
هووي تو وُہ بهي حاضر و میّسر هي

انگلند مین ڈاک کے گاریان هي کہ پانچ چهہ کوس
گئے بعداز گهورون کو بدل کرتے هین اور رات دِن
گاریہ چلتے هین اور جِتنا سونا و آرام پانا هي گاري
مین بیٹهے هووہ هوتا هي اور راستہ چلنے کي جلدي
ایسي هي کہ ستّر یا اسّي کوس ایک دِن رات مین
چلتے هین اور جِس سرا مین اُترنا مُقرر هي ناشتہ
و کهانا تیّار مِلتا هي جو توقُف ناشتہ اور کهانا
کهانے کو هوتا هي سو او تناج صبر هي نهین تو
دوسرے کام کے واسطے پندرہ لمحظے کا توقُف ممکن نهین
هر ایک سرا مین بُهت سے گهوریے رهتے هین

و چمبیلي کو انگلند مین مین دیکھا دوسرے پھولن سفید و سُرخ اور زرد اور نیلے رنگ کے بھوت ھین کہ اُن کا نام یاد نہین رہا مگر گلِ کرنیشن لال رنگ ھي کہ یک بیت و صف مین معشوق کے مُجھہ کو یاد ھي

تھي روز اِز رید تھي ویلتز بلو .

کرنیشنز سویت اند سو ار یو

گُلاب کے پھولن ھزارون بُھت برے مین دیکھا ھون دوسرے مُلکون مین اِتنے برے دیکھنے مین نہین آئے

مُلک کي آبادي اِتني ھي کہ ایک بسوہ بلکہ ایک گز زمین غیرِ زِراعت نہین چنانچہ مذکور اِس مُقدمے کي ھَوا اور انگلند سے اسکاٹلن‌د تک میرے دیکھنے مین آیا لیکِن کوئي خالي اور چورا میدان نہین کہ جِسمین دس بارا ھزار آدمي کا لشکر بلکہ ھزار یا پانچ سو کي جمعیت اِس مُلک کے سریکا بَھیر بھنگا سمیت اُتر سکے لیکِن انگلند کا دستور یِہ

۱۵

یہہ کیفیت انگلند کے کھانے پینے
کے اشیا کي — پھولون کیے —
کاروان‌سرا کیے — سفر کرنیے کیے —
طور کیے کِشت و کاري کیے —
گھورون کیے — اقسام کیے جانوران
کیے — کُتون کیے

مجھکو اِتني قُدرت نہین جو کھانے پینے کی اشیا
جو انگلند مین ملتیے ھین اوس کو بیان کرون
اگر شیر مرغ است بباید در داست
اگرچہ ھِندي فارسي پھول بہُت ھین لیکِن گلِ
مھیندي اور شبّو و گُلاب اور تاج خَروس و لالہ و
ناقرمان اور گیند و بیلہ اور موگرہ و نرگس اور جوي

مین پُہنچے پیچھے ایک مہینے تک اسباب قید مین
تھا اور اِس بات کي تحقیق اور دریافت کرنے کے
واسطے عدالت مین قضیہ ہوا تھا جب کہ محصول
کے گھاٹ مین ایک گورہ آدمي شراب کي مستي
کے حالت مین پیکاک صاحب کي بي‌بي کے ساتھہ
دست‌درازي اور کشمکش کیا تھا اِسواسطے وُہ گورہ
تقصیرمند ہوا اور اِسي سبب سے پیکاک صاحب
کا اسباب چور دیئے اور میرے رومال کے واسطے صاحِبانِ
عدالت کا حکُم ہوا کہ یِہہ مُقدمہ تھورا ہي اور یِہہ
شخص تِجارت کے لیئے نہین لایا اور یِہہ مُنشي ہِندي
آدمي ہي کیہي یِہہ ملکُ نہین دیکھا اور دستور و
رسم سے انگلند کے واقِف نہین اِس واسطے ہم معاف
کرتے ہین

دئیے ہوئیے جنس کیے واسطے بہت تلاش ہي جیسا
کہ بنگالہ وغیرہ کے کپڑیے جو ولایت مین تحفہ ہي اور
ریشم اور ریشمي کپڑا اور افیون وغیرہ کسي کو
مقدور نہین کہ سوائے برے محصول دینے کے ولایت کو
لیجاویے اگر امیر یا لارد ہوویے تو بھي ایک رومال
ریشمي وغیرہ اوسکے صندوق سے نکلے یا ایک تولہ
افیون اور ریشم کسیکے پاس ہوویے تو اُس کا تمام
اسباب نوا پُرانا ضبط ہوتا ہي اور پانچ سو روپیے
جُرمانا دیا جاتا ہي چُنانچہ یہہ حالت مُجھہ پر
گُذري تھي لیکن خیریت ہوي کیفیت اِس بات
کي یہہ ہي کِتنے رومال میرے صندوق سے اور ایک
تھان مشجر کا پیکاٹ صاحب کے بي‌بي کے صندوق
سے نکلیے جیسا کہ پہلے مین اِس حقیقت کو ذکر کیا
محصول کے گھاٹ مین اِس سبب سیے سب اسباب
پیکاٹ صاحب اور کپتن س کا پندرہ روز تلک
غراب سمیت ضبط ہوا تھا اور اُس کے بعداز لندن

یست اِندیا کمپني کي معنے جمع هونا لوگ کا ایک کام کے واسطے هي انگلند کے ملک مین اقسام کے کمپني هین لیکن هر ایک کمپني بادشاه کو خراج دیتے هي مگر یست اِندیا کے کمپني کے لوگ هزارون هونگے اور اِن کے ارکانِ دولت هر ایک کام کا بندوبست کرتے هین چوبیس مدار المهام هین کہ صُلح و مصلحت اور عدالت کي تحویز اور کاغذان کي تحقیق اور حساب نفع و نقصان اِن کے ذمہ هي اور یہہ چوبیس شخص دو یا تین برس کے بعداز تغیر هوتا

کمپني کے لوگ مهاجن هین اور مهاجن بادشاهي امیرون سے درجہ و مرتبہ و حُرمت کم رکھتے چنانچہ مشهور هي آگر کوئي کپتن بادشاه کا نوکر اِس ملک مین آویتو وُہ سمجھتا هي کہ اپنا مرتبہ کمپني کے کرنل سیے بُهت بهتر هي

کمپني کے جهازان پُهنچنیکیے وقت محصول نهین

جنگ کرین اگر اُن سے ایک جنگ کرنے سے اِنکار کرے تو اوسکو نامردي سے مشہور کرتے هین اور خاص و عام طعنزني کرتے اور همچشمونکي مجلس مین مُنہہ دِکھلانا مُشکل هي جب وُہ دو نو سے ایک شخص مارا جاوے تو خوني اپنے مُلک سے دوسرے مُلک کو بھاگ جاتا هي اور تھورے دِن وهان رهتا هي بولتے هین کہ هم اپني نیکنامي کو جان سے بهتر سمجھتے هین

دوسرا یہہ کہ جوا کھیلنے مین بُهت لوگ مال و متاع اور گھر کا اسباب اور حویلي و باغ وغیرہ هاردیتے اور اِس کام کو بهي محض نادانی سمجھتے اور عجب یہہ کہ دیدہ و دانِستہ پھر وُہ کام کرنے مین اِقدام کرتے هین اور کبهي اُس کام سے نفع اور کبهي نُقصان پاتے هین اور اِس کام کو دریا کي تِجارت سریکا جانکر بخت آزمائے کرتے هین چنانچہ تھورے لوگ قمار بازي سے دولتمند اور بُهت لوگ بیدولت و خانہ خراب هوجاتے هین

انگریزان بعضے عیبون سے گاد دامي کي گالي کو
برا عیب جانتے لیکن عوام کے زبان پر مزاح اور
لڑائي اور غُصے کي حالت مین یِہ گالي تمام آسان
کامون مین جاري هي لیکن بعضے عالمان اور دانایان
کبهو اپني تمام عُمر مین اِس لفظ کو زبان پر نهین
لائے هین کِسواسطے کہ گاد معني سے خُدا کے هي و
دام معني سے قهر خُدا کے هي چنانچہ مُسلمانان
لعنت اللہ بولتے هین اور یِہ گالي بُهت خراب و بد
هي اور اهلِ دین نصارا کے بولتے هین کہ خُدا کے
پاک نام کو عِبادت کے وقت خلوتمین بولنا ضرور
هي نهین تو کوچہ و بازار مین اور هر گهري اور هر
ایک وقت خُدا کا نام لینا ادب نهیي

دوسرا یِہ کہ نجیب اور اوسط درجے کے لوگ
آپس مین ایک دوسرے کو جهوٹا یا چور بولنا نِهایت
بد هي اگر کوئي قضیے مین جهوٹا یا چور کا لفظ
زبان پر لاوے تو ضرور هوتا هي کہ دو نو تابنچہ لیکر

بازار میں کیا رات کیا دِن میں اکیلے با دو کوش و بیني کي چوب هاتھ میں لیکر پیادہ پا چلتے هیں اور اِس بات کا کُچھہ عیب نهیں اور اِس مُلک کے راجہ لوگ و دولتمندان کے سریکا نقیب و چوبدار اور یساول اور زیادہ پیدل و سوار و بان و نِشان و ماهي مراتب وغیرہ تجّملات سواري کے ساتھہ نهیں رکھتے اور هِندوستان کے تکلفات اور سواریکي شان و شوکت کو خرچ بیهودہ اور اسراف جانکر اِس مُلک کے لوگون کے حق میں احمقي و نادانی سے طعنہ زني کرتے هیں اور بولتے هیں اگر کوي اِسطرح سے سواري میں تهورا تکلّف کرے تو لڑکے شهر کے بازار کیے اُس شخص کي سواري پر مٹي دالتے هیں اور بطور مزاخ کے تالي بجاتے اور پهتّر پهینکتے هیں

جب کہ آدمي کے ذات میں عیب و هُنر ملا هوا هي اور رسم هر ایک مُلک کے لوگ و هر فریق کا جُدا جُدا مُقرر هوا هي دانایان وِلایت کیے یعنے

کو برا عیب جانتے اوسط درجے کے لوگ اپنا پیسا مہاجنان کو دیتے اوس پیسے کا بیاز ماہ بماہ لیتے ہین اور راس المال مین کچھہ نقصان نہین ہوتا ہي

انگلند کے لوگ کے خرچ کے برآورد ایسي ہي کہ تونگر لوگ کبھي فقط ایک خدمتگار نوکر رکھتے کہ وہ حجامت کرتا ہي اور کپڑے بھي پھینیا ہي اور ایک عورت باورچے کي کام کے واسطے اور دوسري عورت فرش کرنے کے لیے ایک شخص گھوڑے کے واسطے نوکر رکھتے ہین اور گھر کا کام تمام اِن لوگون سے لیتے ہین اور صاحبِ خانہ باہر کے کامان و سیر و شکار مین مشغول رہتا ہي اور بي‌بي تمام حساب اور گھر کا خرچ اور ہر ایک کام کي خبرگیریمین رہتے ہي اور بعضے تونگر لوگ جو صاحب اولاد ہین گاري بھي نہین رکھتے ضرورت کے وقت بازاري گاري کرایے کي واسطے منگاتے ہین

امرا وزرا اور شاہزادے پاؤ یا آدھا کوس کوچہ و

انگریز ایسي جُدائي کو عورتون کے حق مین صِرف ظُلم سمجھتے اور اپنے دین و مذھب مین اِس بات کو نہایت بد و خراب جانتے ھین سچ ھي کہ اِس مُقدمے مین اِنصاف اھلِ انگریز طرف ھي

دوسرا یِہہ ھي انگلند کے لوگ جب دولت و وجہہ معاش پیدا کرتے ھین اور اِس کام سے خاطر جمع ھوتے پِھر اپنے جیٔے تلک کہ ستّر و اسّے برس عُمر کے ھویے تو بھي راتہ دِن کے ساعات مین سوائے عِلم و ھُنر کے سیکھنے کے ایک لحظہ غفلت مین نہین رھتے اور اِس ملک کے خلایق سریکا نہین جو ھندي و فارسي اشعار بولنے مین جو تعریف مین معشوق کے خط و خال کي اور وصف مین شراب و ساغِر و ساقي کے کہ ھر ایک شخص دم سرد عاشقي کا مارتا ھي

انگلند کے لوگون کي مِزاج مین سلامت روي بُہت ھي بیفایدہ پیسے کا اسراف نہین کرتے اور قرضداري

بعداز سرمایہ جینے کا تو نہیں رکھا هي لاچار هوکر روزگار کي تلاش کے واسطے دور دراز کا سفر قبول کرتا اور مُلک بملک پریشانِ حال پھرتا اور بعضون کو ایک برس کے بعداز اور اکثرون کتین برسون کے پیچھے اپني عورت کے ساتھ شب باشي کا اِتفاق هوتا یا نہین هوتا هي

دریافت کرنا ضرور هي کہ مرد کي جُداي کے باعِث کیا کُچھ مِحنت و غم اِن عورتون کے دِلون مین هوگي مفارقت کے دنونمین اِن کے دِلون مین کیا کیا اِرادہ آتا هوگا اِس لیئے بعضے عورتان اپني مرد کي جُدائي کے حالت مین بد خیالات و فعل کرتیے هین اور اپنے مرد کي شرم و آبرو کي کُچھ پروا نہین رکھتے چنانچہ فارسي واسوخت اور سوزو گُداز سے اور هذي اشعار و برج و بنگلہ کے دوهرون سے معلوم کیا چاهیئے کہ اُن اشعار مین کیا کیا غم و مِحنت اور جُدائي کا احوال داخل هي اور اهلِ

کي تکلّف و شان کو ناکارہ و ناچيز جانتے هين اور اِس قسم کے سواري کے تجمّلات کو مزاخ و مسخري سمجهتے اور هيچ و پوچ جانتے هين

القصہ انگلند کے لوگ تيس برس تک محنت و نوکري کرکر اور مُلکون کا سير اور دُنيا کے عجايبات غرايب ديکهکر مال و دولت پيدا کرتے هين اِس کے بعداز شادي کرکر خانہ نشين هوتے پهر سفر نهين کرتے کِسيطرح عورت سے جُدا نهين هوتے اور اِس مُلک کي نوکري کرنےوالون پر بُهت افسوس هي کہ اول مانباپ چهوٹي عُمر مين اپنے بيٹون کو شادي کرديتے هين اگر مانباپ نوکري اور کسب و پيشہ کرنے سے زرِ نقد نہ رکهتے هين تو اپنے بيٹون کي شادي کے واسطے هزاز تلاش و محنت سے قرض و ام ليتے نهين تو گدائي کرکر جو جو برابر جمع کرکر جِسطرح سے مُناسب جانتے هين اوسيطرح لرکے کي شادي کرنے کو سب کام پر مُقدم جانتے هين وُہ لرکا شادي کے

مجلس رهتے اور باوجود صورت مردي کے ناز ونخریے
عورتون کے سریکا کرتے اور دستار جورادار سِر پر رکھتے
اور اِزار اور آستین چوري‌دار پهنتے اور جامہ عورتون کے
پشواز سریکا بدن مین رکھتے اور چوا و غازہ چولے
پر لگاتے اور لب پر مِسّي مِلتیے اور دانتون مین مِسّي
کي رخیک جماتے اور آنکهون مین کاجل لگاتیے اور
هاتونکے پنجونمین مهندي سے رنگ دیتے اور بالون کا
جورہ نیچے چورتیے اور خوش بو لمبیے بال سر پر
رکھتے هین اور باوجود یِہ سب طور زناني کے برے شان
و حشمت سے بهادرون کے سریکا سواري نِکلتے اور
سواري نِکلنے کے وقت برا تکلّف سواري کے ساتھ
رکھتے هین چنانچہ بان و نشان اور نقیب و چوب‌دار
اور یساول و چاؤش بُلند آواز سے دور باش کا لفظ
بولتے هین اور آواز پویش پویش اور عُمر و دولت
زیادہ هونے کا سُبکو سناتے هین اور یِہ هي دستور اِس
وقت کے امیرانِ هِندي کا هي اور ولایت مین اِسطرح

دین و مذهب مین پیٹ کا گِرانا نہایت بد و خراب
هي اگر خون حمل کا ظاهر هووے تو بموجب عدالت
کے حُکم کیے قصاص کو پهنچتے هین اسیواسطے بچہ تولد
هوے بعداز شرم و خجالت کے سبب پوشیده رات
کے پردے کے آسرے سے اُس حویلي کے دروازے مین
بچے کو زمین پر رکھ دیکر چلے جاتے هین اِس قسم
سے هزاران لرکے و لرکیان اُس حویلي مین جمع هوتے
هین اور اُن کي تربیت بخوبي هوتي هي وُه لرکے و
لرکیان کسب و هُنر سیکهتے هین

انگلند کے دانایان بولتے هین که حاصل کرنا دُنیا کي
دولت کا عیش و خوشي سے زندگي کرنیکا سبب هي
اور وسیلہ عِلم کي تلاش کا اور عقل کي زیادتي کا باعث
موجب هي اور دُنیا کي دولت مخصوص کها پینے
اور جشن و عیش کرنے اور عورتان کو جمع کرنے اور ناچ
دیکهنے کے واسطے نهین هي اور عجب یِه که هندوستان
کے امیران دولتمندي کے سبب همیشه عورتان سے هم

کفش گر اور چوتھا لوہار ہوتا ہي اور ہندوستان کے لوگ یعنے مُسلمانان طرح طرح کے کسب و پیشہ سیکھنے سے شرم رکھتے جیسا کہ باپ کمینہ کام کرتا اُسکا بیٹا اپنے باپ کے طریقہ پر نہین چلتا اور کہتا کہ مین سپاہ پیشہ ہونگا برخلاف ہندوان کے کہ وہ اپنے اپنے باپ دادا کے رویہ کو اختیار کرتے ہین

دوسرا یہہ کہ فرانسیس اور انگلند کے مُلک مین مین دیکھا کہ ایک بہت چوري اور بري حویلي تیار ہوي ہي کہ وہ جگہہ یتیم و بیکس لڑکے و لڑکیان کے تربیت کے واسطے مُقرر ہي کہ شہر اور شہر کے اطراف کے جو غریبان نہایت غریبي اور تنگئ معاش کے سبب لڑکون کو پالنے اور کھلانے سے عاجز ہوے ہین اپنے بچون کو اُس حویلي کے دروازہ مین لیجاکر وہان کے لوگ کے حوالہ کر دیتے ہین اور اکثر زانیہ بھے حرام کا بچہ جنتي کیونکہ اہلِ انگریز کے

هي وُہ بیہ درد و بیہ رحم دوالي اُسکي پیٹھ پر ایسا مارتا هي کہ پیٹھ اور هاتھ کے پنجے اُن سیم تنان و سمن ساق کتین زخمي کرتا هي اگرچہ یِہ کام ظاهر مین ظُلم هي لیکِن یِہ بات سچ فرمائیے هین جورِا وستاد بزِ مهرِ پدر

غریبان کي قوم خُصوص اسکاٹلن کي خواہ مرد یا عورت هو خط و کِتاب پرهنے سے واقِف هین مگر وُہ شخص کہ جِس کے مانباپ تربیت کا خرچ نهین رکهتے یا وُہ لرکا بسببِ کودني کے نہ پرها هوا القِصّہ جب کہ غریبان کے لرکیے ضروري نوشخواند مین تهوري قُدرت پیدا کرتے هین اِسکے بعداز هر ایک هُنر سیکهتے جیسا کہ زرگر کا هُنر اوْر لوهار کا کام و کفش‌گر کا پیشہ اور خِیاط کا کسب سیکهتے

ولایت کے لوگ هر ایک طور کا هُنر و کسب سیکهنے مین اِختیار رکهتے هین مثلا کِسي کو چار بیٹے هووین ایک سونار اور دوسرا برهائي اور تیسرا

میں کمال دوستي هي کہ اُن کے بچّے عِلم و هُنر میں لیاقت پیدا کرتے اور اپنے اوقات کو خوش گُذرانتے هیں اور مِہر و شفقت مانباپ کي اِس مُلک کے طور پر بچوں کے واسطے محض دُشمني اور بےدردي هي کہ اپنے بچوں کو عِلم و هُنر کے سِکھانے کے واسطے گھر سے باهِر نہیں نِکالتے اِسي واسطے اِن کے بچّے عِلم و هُنر سے بے نصیب رهتے هیں اور آخرش خرابي اور خواري سے زندگي کرتے هیں

غریب لوگ اپنے بچوں کو شهر کے مکتب خانونمیں هر روز بهیجتے اور هر هفتے میں ایک روپیہ دیتے هیں اور لرکیان کے واسطے مکتب خانے علاحدہ مقرر هیں میں دیکها کہ سب لرکے چوکي پر قطار باندهے هوے بیٹهکر سبق پڑهتے هیں معلم هاتهہ میں ایک دوالي لیکر ایک سري سے دوسري سري تک قطار کے پهرتا رهتا هي اور هر ایک کا پڑهنا سُنتا هي اور جِس لرکے کے پڑهنے میں غلطي دیکهتا

اور اِس کي تربیت کرنے کے خرچ کا مقدور نہین
رکھتے تھے اِسواسطے اِن کے بچّے عِلم و ہُنر نہین سیکھے
خصُوصًا جو بي‌بیان کہ رقص و سرود نہین جانتے ہین تو
اُن کے واسطے برا عیب ہي اور عُمدہ لوگ اُس
بي‌بي کو نِکاح کرنے کي خواہش نہین رکھتے

غرض وِلایب کے لوگون کا علم و ہُنر کا سیکھنا اِس
مُلک کے سریکا نہین کہ جوانان مدرسون مین بُزرگان
و عُمدہ لوگون کے جاکر خیرات کھاوین اور ہزار خرابي
و خواري سے شِکم پروري کرکر عِلم کي تحصیل کرین
اور اشراف قوم یہان کي اُس بات کو عیب نہین
سمجھتے ہین لیکِن وِلایت مین عِلم و ہُنر کا سیکھنا
پیسے خرچ کرنے سے ہي اگرچہ ہندوستان کے لوگ
اہِل وِلایت کو اپنے بچون کے حق مین سخت جاني
سے طعنہ مارتے ہین کیون کہ اپنے بچون کو یے لوگ
عِلم و ہُنر سِکھانے کے واسطے دور دور بھیجتے
في‌الحقیقت یِہہ والدین کي بےدردي فرزندان کے حق

نقل کہ بچون کو جسکے پرھنے کے واسطے رغبت ھوویے
درس دیتے درسي کِتابون کو ایسا آسان کیئے ھین کہ
مُبتد یان کو علِم و ھُنر کے سیکھنے مین کُچھہ دِقّت
نھین ھوتي ھي اور چھاپے کے سبب سیے کِتابان ایسے
زیادہ ھین کہ مثلا سو کِتاب ایک قسم کي کوي
چھتا ھي تو ایک دوکان سے مول لےسکتا ھي اور
شاہنامي سِریکي کِتاب ایک سو پچاس روپیے کے
خرچ سے تیّار ھوتي ھي ویسے کِتاب وِلایت مین دس
بارا روپیے کو ملتے ھي انگلند کے دولتمندان اپنے لرکیے
اور لرکیان کتین چار برس کي عُمر سے سِوائے لِکھانے
اور پرھانیے اور طرح طرح کے عِلم و ھُنر سِکھانے کے بیکار
نھین رکھتے ھین

اگر کوئي مرد یا عورت عِلم موسیقي اور رقص اور
سواري کا ھُنر نھین جانتا ھي تو دولتمندان اُسکو
غریب زادہ بولتے ھین اور اُس کے حقمین طعنہ زني
کرتیے ھین اور بولتے کہ اِس کے مانباپ غریب تھے

۱۴

یہہ کیفیت بچون کو تربیت کرنے
کي — اهل انگریز کیے اوقات
گذرانیے کیے — یست اِندیا کمپنیے
کیے

انگلند کے عُمدہ لوگون کے بچون کي تربیت
هندوستان کے سریکا نہین کہ اُستاں اور اخوند کو گھر
مین نوکر رکھتے هین اور بچون کو گھر سے باهِر نہین
جانے دیتے کہ مبادا چشم بد بچّے پر اثر نہ کرے لیکن
وِلایت کے اکثر عُمدہ اپنے لڑکے و لڑکیان کو دور دور
کے مدرسون کو بهیجتے هین

اول الف بے کے حرفان بچون کو یاد دِلاکر تختیون
پر لِکهاتے اسکیے بعداز سلیس سبق پڑهاتے تب رنگین

تجھہ پر حد نہ جاري هوگا کیونکہ بچونکے حق مین مانباپ کے سوائے دوسرا کوئي شفیق و مہربان نہین کہ پالنا اور پرورش و تربیت کرنا اپنے ذمے مین لیوے ایک شخص اصحابي سے عرض کیے کہ اي حضرت یہہ عورت بار بار آتي هي اور آپہ کو تصدیع دیتي هي مین اِس بچے کي تربیت و پرورش کو اپنے ذمے مین لیتا هون کہ یہہ عورت اپنے مطلب کو پہنچے اُسے وقت حضرت کے انکہہ نہایت غصے سے سرخ هوئے اور اُس صحابي پر گرم نگاہ کیے فرمائے کہ تجھے کون بولا تہا کہ اُس لرکے کي تربیت و پرورش کو اپنے ذمے مین لیوے اور تو نہین جانتا هي کہ مین اُسکو قتل کرنے کتنا اندیشہ و دهیل کرتا هون وہ صحابي بہت ڈرے و شرمندہ هوے یہہ کیا کچھہ رحم دلي و عدل جناب محمد کي تهي

زانیہ آکر عرض کي کہ میرے سے ایسا فعل ہوا ہي
مین اُمیدوار ہون کہ مُجھہ پر شرع کا حد جاري کرو
کیونکہ قیامت کي دن عذاب مین نہ پکڑے جاؤن
حضرت نے اُس کی طرف سے مُنہہ پھرا کر دوسرے
طرف متوجہہ ہوے وُہ پھر عرض کري کہ میرے باب
مین کیا حکُم ہي تب حضرت اُس کی طرف
دیکھکر معلوم کیے یہہ حاملہ ہي حضرت فرمائے تولد
ہوئے تک حد مارنا موقوف ہي وُہ عورت بچّہ جنیي
بعداز بچّے کو گود مین لیکر حضرت کے رو برو آئي
عرض کري کہ اب بچّہ جنے ہون حضرت فرمائے جب
تلک بچّہ دود نہچھوڑیگا تب تک حد مارنا موقوف
رھیگا تھوڑے دن کے بعداز بچّہ دود چھور دیا حضرت
فرمائے کہ اب تلک بچہ بیہوش ہي جسوقت بچّہ
سات برس کا ہوگا تب حد مارے جاویگا عورت
پھر آئي حضرت فرمائے کہ ابھي چھوٹا ہي عقل
نہین رکھتا ہي جب تک حدّ بلوغ کو نہ پُہنچے

کلیسا مین سر جُھکاکر بیٹھے تھے جواب دیئے کہ اِس عورت کے حق مین رجم کا حکُم ھي لیکِن پھلے وُہ شخص پھتر اتھاوے کہ اپني تمامِ عُمر مین گُناہ نہ کیا ھو یِہہ بات بولکر انگلي سے زمین پر کُچھہ لِکھنے لگے یِہہ بات سُنکر ھر ایک شخص شرمِندگي سے سر نیچے کرکر اُس کلیسا سے باھِر چلا گیا چنانچہ حضرت کے سامھنے اس عورت کے سِوایے کوي نہ رھا بعداز حضرت اُس کیے طرف متوجہ ھوکر پوچھہ کہ یِہہ تمام لوگ کھان گیئے اور تیرے حق مین کیا بولے عورت بولي کہ ایک ایک آدمي باھِر چلا گیا اور میرے حق مین کُچھہ نہین بولا تب پیغمبر فرمایئے کہ تو بھي جا مین تُجھہ کو کُچھہ نہین بولتا ھون مگر یِہہ کہ تو توبہ کر پھر دوسرے دفعہ ایسا کام مت کر

اخلاق و سیرت مین حضرت مُحمد صلے اللہ علیہ و سلم کي نقل کرتے ھین کہ کوئي روز حضرتِ اصحابِ بُزُرگ کے ساتھہ مجلس مین بیٹھے تھے ایک عورت

کوئي پادري فرانسيس کے قوم کا انجيل کے ترجمے کو اکبر بادشاہ کے حضور ميں گذرانيا اور اُس ترجمے مين يہہ روايت لکھا تھا کہ يہود کي قوم کے عالمان حضرت عيسے کو الزام دينے کے واسطے کوئي زانيہ عورت کو رو برو لاکر مُشکل سوال کي فکر کيے اور اپنے دِلون مين يہہ بات تجويز کيے اگر جنابِ پيغمبر اس عورت کے حق مين رجم کا حُکم کريتو هم جواب ديوينگے کہ تُم شفقت درحم و کرم خلق کے احوال پر کرتے هين يہہ تُمهاريے عادت کے بالعکس هي کہ تُمهارا فعل فعل سيے نِسبت نهين رکھتا هي کِسواسطے تُم خُدا کے بنديے کو قتل کرتے هين اگر عفو کا حکُم ديويتو هم بولينگے کہ اب حلال و حرام کا فرق و اِمتياز درميان سے اُٹھ گيا اور دستور کتاب و شرع کا جهان سے جاتا رها اِس مصلحت سے زانيہ عورت کو حضرت کے سامهنے لاکر سوال کيے کہ آپ اِس زانيہ عورت کے حق مين کيا حکُم فرماتے هين حضرت

اشراف قوم مین عورت و مرد کي رضامندي سے ایسا
فعل هوتا هي اگر یِه کام مشهور هووے تو پاکدامن و
عاصمه عورتان کے مجلس مین بُهت خِجالت و شرم
هِي اور زن و مرد کو خاص و عام طعنه دیتے هین اور
اشراف عورتان تمام عُمر اُس عورت کا مُنهه نهین
دیکهتے اور اپني مجلس سے اُس کو نِکال دیتے هین
دوسرا رسم زنا کے اِنصاف مین ایسا هي اگر کوئي
مرد اپني عورت کتین غیر مرد کے ساتهه زنا کے کام
مین دو نو کو هم‌بِستر دیکهے اور اُسے وقت تلوار وغیره
سے دو نو کو مار دالے تو حق بجانِب اُس کے هي اگر
وُه مرد اُس وقت خالي هاتهه رهے تلوار وغیره لانے
جاوے وُه دو نو ایک دوسرے سے جُدا هوگئے هون اور
اُس کام سے منکر هوجاوین تو پِهر اُن کو ماردالنا
مُمکِن نهین اگر قتل کرے تو وُه شخص قصاص کو
پهُنچتا هي اگر وُه عدالت مین نالِش کرے تو بهي دعوي
سوائے عادل گواهي کے عدالت مین رُجوع نهین هوتا هي

کوئي پادري فرانسيس کے قوم کا انجيل کے ترجمے کو اکبر بادشاہ کے حضور ميں گذرانيا اور اُس ترجمے مين يہہ روايت لکھا تھا کہ يہود کي قوم کے عالمان حضرت عيسے کو الزام دينے کے واسطے کوئي زانيہ عورت کو رو برو لاکر مُشکل سوال کي فکر کيے اور اپنے دلون مين يہہ بات تجويز کيے اگر جنابِ پيغمبر اس عورت کے حق مين رجم کا حُکم کريتو هم جواب ديوينگے کہ تُم شفقت درحم و کرم خلق کے احوال پر کرتے هين يہہ تُمهاريے عادت کے بالعکس هي کہ تُمهارا فعل فعل سيے نسبت نهين رکھتا هي کِسواسطے تُم خُدا کے بنديے کو قتل کرتے هين اگر عفو کا حکُم ديويتو هم بولينگے کہ اب حلال و حرام کا فرق و اِمتياز درميان سے اُٹھ گيا اور دستور کتاب و شرع کا جهان سے جاتا رها اِس مصلحت سے زانيہ عورت کو حضرت کے سامهنے لاکر سوال کيے کہ آپ اِس زانيہ عورت کے حق مين کيا حکُم فرماتے هين حضرت

اشراف قوم مین عورت و مرد کي رضامندي سے ایسا
فعل هوتا هي اگر یہہ کام مشهور هووے تو پاکدامن و
عاصمہ عورتان کے مجلس مین بہت خجالت و شرم
هي اور زن و مرد کو خاص و عام طعنہ دیتے هین اور
اشراف عورتان تمام عُمر اُس عورت کا مُنہہ نهین
دیکهتے اور اپني مجلس سے اُس کو نِکال دیتے هین
دوسرا رسم زنا کے اِنصاف مین ایسا هي اگر کوئي
مرد اپني عورت کنین غیر مرد کے ساتهہ زنا کے کام
مین دو نو کو هم‌بِستر دیکهے اور اُسے وقت تلوار وغیرہ
سے دو نو کو مار دالے تو حق بجانِب اُس کے هي اگر
وُہ مرد اُس وقت خالي هاتهہ رهے تلوار وغیرہ لانے
جاوے وُہ دو نو ایک دوسرے سے جُدا هوگئے هون اور
اُس کام سے منکر هوجاوین تو پهر اُن کو ماردالنا
مُمکِن نهین اگر قتل کرے تو وُہ شخص قصاص کو
پهُنچتا هي اگر وُہ عدالت مین نالِش کرے تو بهي دعوي
سوائے عادل گواهي کے عدالت مین رُجوع نهین هوتا هي

لینے کے واسطے کاغذ کو کوٹھي مین مہاجن کے پاس لایا مہاجن قزاق کو پکڑکر بندیخانیے کو بھیجا تجویز کے بعداز وُہ قزاق قتل ہوا اور زر کا کاغذ مالِک کو بھیجا

مُقدمہ زنا کا سِوائیے فریاد ہونیے عورت کے جو بغیر رضامندي اُس کي ہوا ہي عدالت مین رجوع نہین ہوتا زبردستي کے زنا کا مُقدمہ ثابت ہوویے تو زاني کے تین قتل کرتے ہین زبردستي کے زنا و قزاقي کے مُقدمہ مین سوائیے قتل کے تعزیر نہین اگر مرد عورت کي رضامندي سے پوشیدہ گھر کے اندر یا دوسري جگہہ زنا ہوویتو لوگ اپنے کام پر مُختار ہین اور کوتوال و محتسب کي پروا نہین جیسا کہ مثل مشہور ہي

مُحتسب را درونِ خانہ چہ کار

برخلاف اس مُلک کے کوتوال و مُحتسب اپنے کام سے بیکار ہین اور کِسي کے بولنے سے یا کِسي کي کوشِش سے زاني و زانیہ کو نہین پکر سکتے ہین لیکِن

تبنچہ لگاتے ہین اور بولتے کہ جو کُچھہ تو رکھتا ہي سو ہمکو دیے نہین تو جان تیرا نہ بچیگا وُہ شخص اوسیوقت جو کُچھہ جِنس اپنے پاس رکھتا ہي اُس قزاق کو دیتا ہي

نقل ہي کہ کوئي عُمدہ گاري مین جاتا تھا دیکھا کہ دور سے کوئي سوار بِجلي اور بارے سے بھي جلد دورتا آتاہي وُہ عُمدہ معلوم کیا کہ یِہہ قزاق ہي اُس وقت طبنچہ بار کیا اور اوسکو جیب مین رکھا وُہ قزاق نزدیک پہنچکر طبنچہ نِکالکر بولا کہ دیے تو کیا رکھتا ہي وُہ گاري سوار اُسے وقت جیب مین ہاتھہ دال کر اپنا طبنچہ نِکالا بولا کہ لے قزاق کو مار دالا

کوئي قزاق اسیطرح زر کا کاغذ اور دوسرے چیزان کسي شخص سے لیکر چلا گیا وُہ شخص جلدي شہر مین آکر زر کے کاغذ کے کوٹھي مین جاکر تمام ماجرا ظاہِر کیا اور نشان کاغذ کا بتلایا جب کہ قزاق پیسا

جیب مین پیسا رکھکر اکثر تماشا اور ناچ کے گھر کو جاتے ھین بھیر کے بیچ مین گڑبڑ و لچہ لوگ جیب کتر لیتے اور جلدي سے اُن چیزان کو اپنے جیب مین دال لیتے اگر مالک جلد خبردار ھوکر چور کو مال سمیت پکڑسکے اور چور قتل ھوتا ھي

انگلند کے مُلک کے راستے مین قزاق گھورون پر سوار ھوکر راہزني کرتے ھین اُن لوگونمین کبھي کبھي دولتمندان کے بیٹے ھین کہ باپ کے دولت و مال کو جوّا کھیلنے و عیش و عشرت کرنے مین خرچ کرکر اِفلس کے حالت مین گرفتار ھووے نوکري کي تلاش اور کُچھہ کسب و پیشہ کرنے سے سُست ھین آخرش قزاکي کرنے سے جیتے ھین اور میدان و جنگل مین کہ جِس جگہہ سیدھیے دانوین طرف آبادي کا نشان نہین وھان چھپ کر رھتے اور دیکھتے کہ گاري آتي ھي جلد گھورون کو دوراکر نزدیک جاتے اور ایک تبنچہ ھاتھہ مین لیکر گاري مین بیھٹنے والي کے سِر کو

لیکن انگلند کے اربابِ عدالت آدمي کو مارنے اور
خُدا کي بُنیاد کو خراب کرنے کے واسطے بُهت اندیشہ کرکر
خوني کو قصاص مین لاتے هین چوري کےواسطے یِه
حکم هي کوئي آٹهہ آنے سے زیادہ چوري کریے تو
بموجب اسلام کي کِتاب کے اُسکا هاتهہ کاٹهنا ضرور
نهین لیکن انگلند کے مُلک مین جو چور ظُلم و
زبردستي سے لیتا هي تو اُس کو قتل کرتے هین اور
بولتے کہ چور کي سزا کم و زیادہ مال چورانے پر موقوف
نهین جب کہ یِه شخص چوري کا اِرادہ رکهتا تها
جِتنا کہ پایا چوري کیا اگر اِس سے زیادہ پاتا تو البتہ
لیتا اور نهین چورتا کِسیطرح سے چور ماردالنیے کے
لایق هي لیکن اِس حکُم کے سِوائے انگلند کے مُلک مین
سرنگ کهودنے والے چور و گِرہبُر و اچکے بُهت هین
اور دستور وِلایت کے لوگان کا یِه هي کہ روپیہ و اشرفي
وغیرہ اور زر کا کاغذ اور گهریال همیشہ جیب مین
رکهتیے هین اور پیسے کے سِوائے سفر نهین کرتیے اور

داري منظور نهين رکهتے اور رشوت اور نذر لينا کبهي
مُمکِن نهين کوئي شخص رشوت کا نام ليوے تو اگرچه
حق اُس کے طرف هوويتو بهي صاحِبانِ عدالت اُس
کو جهوٹا سمجهتے هين اگر بادشاهزاده يا امير کهيت
کے بيچ مين سے سوار هوکر جاوے اور زراعت کو
پايمال کريے تو بموجب رعيت کے فرياد کے اُس
شاهزادے و امير کو عدالت مين بُلاتے هين اور دس
حِصّے زياده نُقصان کا پيسا رعيت کتين دِلاتے هين
اور کُچهه زياده پيسا گُنهگاري کا اُس شخص سے ليتے
هين اُس بندوبست کے سبب کِسيکا مقدور نهين که
غني غريب کو ستاوے

انگلند مين خون کے واسطے ديت منظور نهين
ليکن اِمام ابو محمد و اِمام ابو حنيفه کے احکام بنگالے
مين جاري هي اگر وارث مقتول کا راضي هووے تو
خون معاف هوتا هي نهين تو مدعي عليه جريمانه سرکار
مين ديوے تو اربابِ عدالت قاتلکو معاف کرتے هين

اور دهلي کے شهر کے خوش آمدي و خودستائي کو اپني بُزرگيکا سبب جانتے هين جيسا که هزار محنت و دقّت سے کوئي لومري کو مارے هونگے تو جا بجا بُلند آواز سے بولتے هين که هم ايک شير کو مارے اور نهايت بهادُري سے اپنے موچهه کو مرورتے اور غُرور و پندار کے باعث جامے مين نهين سماتے هين اور دوسرے کو اپني شُجاعت کے سامهنے ناچيز جانتے بلکه رُستُم کو زال کے سريکا سمجهتے هين

مال و زمين و قضيه و فساد کے مُقدمات مين مدعي و مدعي‌عليه دو نو عدالت مين رجوع کرتے هين اور وکيل رکهتے اور قضيه مهينے اور برسون تک فيصله نهين پاتا هي اور دو نو کو وکيل و عدالت کے خرچ کے واسطے بُهت پيسا خرچ هوتا هي اور جو شخص اِلزام پاتا هي دوسرے طرف کا خرچ ديتا هي جيسا که اب کلکتے کے ملک مين مروج هي

ضبط و ربط عدالت کا ايسا هي کِسيکي خاطر

انگریز کي قوم مین نهین اور اس بات کو اپنے دستور
مین برا عیب جانتے هین اگر کوئي سردار فتح کرنے
مین بہت محنت اور جوانمردي کرے حقیقت
جنگ کي پوچھنے والون کے سامهنے بے کم و زیادہ
بولتا هي اگر دوسرا شخص اِس سردار کي بہادري و
جوان مردي کي تعریف حد سے زیادہ کیا تو پانون
کے پنجون پر دیکھتا اور خاموش رهتا اور نہایت
حمیت سے چهرہ پر عرق نکلتا هي اِسي واسطے اهلِ
انگریز سامهنے کے تعریف کو پسند نهین کرتے اور
خوش نهین هوتے بلکہ بد و خراب جانتے اور خودستان
کتین نامرد سمجهتے اور تعریف کرنے والے کو خوش
آمدگو و جهوٹا بوجتے هین اس صورت مین اِن کي
مجلس مین خوش آمدي کا رِواج کم هي اگرچہ
خودستائي و خوش آمد گوئي عالي فطرت والا طبعیت
لوگون کے رو برو بدترین فِعل هي اور یہہ کام نہایت
کم عقل کا هي لیکن سپاہ و سرداران هندوستان کے

سب سے بڑي تقصير هي کوئي صورت مين معاف نهين هو سکتي مُقرّر وُه شخص قتل مين آتا هي اگرچه وُه شاهزاده و عُمده اور سردارِ قديم هويه ليکِن حکُم ايسا هي که اگر دشمن کي فوج دو چند هوتو بهي نه بهاگے اور لڑائي مين نه هٹے اگر بهاگے تو تقصيرمند هوکر قتل هوتا هي دوسرا وُه که لوٹ کا مال مِلے تو اگرچه لاکهون اور کرورون روپے رهے وُه مال سِپاه اور سردارون کو هر ايک کے درجے موافق تقسيم هوتا هي برخِلاف دوسريے ملکون کے که فرانسيس و پرتکيس کي قوم پاؤ حِصه سپاه کو ديتے اور باقي مال کو بادشاه کي خزانے مين داخِل کرتيے هين انگريز لوگ ايسے مال کو سب تقسيم کرنے کو باعِث يِه هي که اپنے سپاه آئين سپاهگري و بهادُري پر زيادہ خواهش کرين دوسرے اهلِ فرنگ کو بلکه تمام هفت اِقليم مين يِه دستور حاصِل نهين

دوسرا يِه که اپنے تعريف کرنا اور جوانمردي دِکهانا

انگلنڈ کا مُلک ایک ٹاپو هي کہ همیشہ جنگي جہاز اُسکے آسپاس رهتے هین اِس سبب سے دشمن لوگ اُس کے فتح کرنے مین عاجز هین اور دستور ایسا هي کہ جنگ کے وقت مین سب جنگي جہاز ساز و سامان سے تیّار رهتے اور صُلح کے وقت مین تھوڑے جہازون کے تھام اور رسّیان اُتار ڈالتے هین اور جب کہ لڑائي نمود هوتي هي جلدي تیّار کرکر بھیجتے هین

انگریز کي قوم بہادري و جوان‌مردي اور تدبیرات جنگ کے لیے جہان مین مشہور هین اور سالار فوج کي فرمان‌برداري کرنا سپاہ کو فرمان الهي کے برابر هي اور دوسرے کِتنے رسمان هین جو کِسي ملک مین نهین ایک یہہ کہ سردار کے حکُم سے سِر مو تفاوت کرین تو ماري جاتے یا برطرف هوتے هین دوسرے دفعہ بدنامي کے باعِث نوکري مین بحال نهین هو سکتے دوسرا یہہ اگر کوئي جنگ مین بھاگ جاوے تو یہہ

بادشاهي فوج چهاوني کي جگهه رهتي هي جو جوان قوي‌هيکل اور قد مين برابر هووين اُن کو چُنکر سوار و پيدل مين نوکر رکهتے هين اور لِباس صاف و پاکيزه اور يکرنگ کا پهناکر طرح طرح کے قواعِد اور سپاهگري کے فن سے تيّار کرتے هين سات سو گهوريے يکرنگ کيے سياه و سفيد و سُرنگ کو جُدا جُدا نِکال کر سپاه کي سواري مين ديتے هين که سواري کے وقت ديکهنے والون کيے دِلون مين خوشے اور آنکهه کو نور حاصِل هوتا هي

خوراک و پوشاک بادشاهي سرکار سے پاتيے هين اِس کے سِوائے هر مهينے کو آٹهه روپے درماه ليتے هين

انگريز کي قوم جهاز کا جنگ کرنيے مين سب اهلِ‌فرنگ سے زياده قُدرت و سليقه رکهتے هين اور جهازات کي زيادتي سے اور جنگ کا اسباب تيّار رهنے کے سبب کوئي اهلِ فرنگ کے بادشاه کو مقدور نهين که انگلند کو ليني کے اِرادے سے انگلند پر آوے

دوسرے پر مُختار نہین اور صاحبي اور غُلامي کا رسم بالکُل نہین برخِلاف دوسرے مُلکون کے کوئي غُلامي اور کوئي بادشاهي کا نام رکھتا هي بلکہ سب چھوٹے بڑے غُلامي کے نام سے شرم رکھتے هین اور بولتے هین کہ بادشاہ کو نام کے واسطے کہ اُس کے سوائے دُنیا کا بندوبست نہین هوتا هي هم اپنے سِر پر سردار مُقرّر کیے هین سلطنت کا بندوبست اپنے اپنے ذِمے مین لیکر هر ایک مُقدمے کو فیصلہ دیتے هین اوو هماري قوم دشمن کے جنگ مین ناموري زیادہ هونے کے واسطے جان و مال کو فِدا کرتے هي غرض هماري قوم کسیکي غُلام اور نوکر نہین لیکِن آداب و عِزت و حُرمت مین بادشاہ اور سرداران کے جو دستور کے مُوافق هي سِر مو تفاوت نہین کرتے هین اور اسیطرح بادشاہ بهي هر ایک شخص کي عِزت و آبرو زیادہ کرنا ضرور جانتا هي اور هر ایک حکُم نرمي و مُلایمت سے کرتا هي

قوي‌هيكل اور خوب صورت تها بادشاه بيگم پست قد اور حسين عورت تهي بولتے هين كه انگلند كے بادشاهان كا قديم رسم هي كه غير قوم كي لركي جو نسل سے بادشاه كے هووے اپنے نِكاح مين لاتے اُن دنون مين جارج سيوم صاحِبِ اولاد تها

شاهِ انگلند اپني اُمورِ سلطنت مين هِندوستان كے كے بادشاه سريكا مُختار نهين ليكِن هر ايك كام سلطنت كا بغير مصلحت و مشورتِ وُزرا و اُمرا و بعضے مُنتخبِ اشخاص كے هوتا هي اگر هِندوستان كي سلطنت سريكا بيِاتفاقي اربابِ سلطنت مين پيدا هويے تو بيشك و شُبه دولت و حكُومت هاتهه سے جاتي رهي چنانچه يِهه شِعر اِس مُقدمے پر دليل هي

دولت همه از اتفاق خيزد بيدولتي از نِفاق خيزد

بسا ملكي كه دولت داد از دست گريزد دولتِ هُشيار از دست

انگلند كے مُلك كے سب لوگ ازاد هين ايك

شخص کے واسطے قتل کا حکم کیے جب یہہ خبر مِلک
کو پُہنچي دو نو کو سامہنے بُلاکر سوال و جواب سے
دو نو کے واقِف هوي اور ایک تلوار میان سے کہنچي
اور اُس کا قبضہ عورت کے هاتہہ مین دي اور آپ
میان هاتہہ مین لي اور بولي تلوار کو میان مین دال
وُہ زانیہ عورت بُهت چاهي کہ تلوار میان مین دالے
جب مِلک هاتہہ هَلائي وُہ عورت تلوار میان مین نهین
دال سکي بعداز ملک بولے اگر تو راضي نتهي تو مرد
تیرے پر کیسا زبردستي کیا اور تو کیون شور نهین کي
کہ پروس کے لوگ تیري مدد کے لیے آتے تب ملک
اُسکے فریاد کو غلط جانکر مرد کو قتل سے مُخلصي
بخشي

باشاہ جارج سیوم کہ تخت نِشین انگلند کے ملک
کا هي شجاعت ذاتي اور بُلند همتي اور نیک صِفات
سے تعریف کیا گیا هي جِن دنون مین کہ لِکهنے والا
اِس شگرف نامے کا انگلند مین دیکها بادشاہ جوان

۱۳

یہہ کیفیت انگلند کے بادشا کي
فرج و جہاز کیے اور عدالت کیے

پہلا بادشاہ تمام انگلند کا ولیم نام نہایت بہادُر و سمجیع تہا اُس کے بعد بُہت بادشاہ مختلف نامون کے سلطنت کیے یہان تک سلطنت انگلند کي پُہنچي کہ کوئي بادشاہ بیگم کہ جمیع صفات دانائي و عدل سے مشہور تہے تخت سلطنت پر بیٹہي وُہ بادشاہ بیگم انگلند کے نام کو مشہورِ آفاق کري یہہ ایک نقل اُس کے عدل و دانائي کي ہي کوئي عورت زنا کي تُہمت کسِي مرد پر کرکر عدالت مین نالش کري کہ فلانہ مرد زبردستي سے میریے ساتہہ زنا کیا صاحِبانِ عدالت عورت کي بات کو سچ جانکر اُس

کي دولت سے بےنصیب هین اور همیشه دین کے واسطے غم کهاتے هین یقین هي کہ آخرت مین دولت پاوینگے اور دوسریے لوگ دُنیا مین عشرت اور خوشی سے جیتے هین آخرتمین غم و حسرت مین گرفتار هووینگے

امید سے جو وہان کا رہنا ہمیشہ ہي طرح طرح کے
ریاضتان وبندگي بجالاتے ہین اور ہزاران تصدیع و
محنت کھینچتے ہین اور دُنیا کي دوستي کو ناچیز
جان‌کر اپني ذات کے خواہشون کتین پسند نہین کرتے
یہہ لوگ البتہ و بیشک بہشت مین جاوینگے کیونکہ
دُنیا کو آخرت کي زراعت بولتے ہین چنانچہ قولِ
عربي دُنیا کے حق مین یہہ ہي الدنیا مزرعۃ الا اخري
اور جو لوگ دُنیا کي دولت پیدا کرنے مین بُہت
مشقت کرتے ہین اُس کا نتیجہ دُنیا مین پاتے اور دنیا
کي دولت کے باعِث عیش و مقصد پانے سے زندگي
کرتے ہین سچ پوچھہ تو دُنیا ان لوگون کا بہشت ہي
البتہ آخرت کے فایدے اور ہمیشہ کے بہشت سے بےنصیب
رہینگے کسواسطے کہ آدمي کي ذات مین غم و شادي
دو نو مِلے ہوے ہین اور شادي کے پیچھے غم اور غم
وكسفرد كا شهر لندن سے تين منزل پر هي وهان عمارات مدرسے كے اور كليسا پُرانے يعنے هزار برس بلكه اُس سے زياده كے بنے هوئے مين ديكها اور اب تك بُهت مضبوطي سے قايم هي هنوز اُس عمارات

وُہ عورت سُني کہ کوئي کالا ہِندوستاني آدمي ميرے مُلاقات کے واسطے آيا هي جلدي جلدي خوشي سے هستي هوي آئي مين اُس کے سامهنے کهرا رها تو ميرا قد اُس کے بغل سے نيچے تها ليکِن اُس کي جسامت قد کے موافِق خوب صورت تهي اوْر هاتهہ کا قبضہ ميرے هاتهہ کے قبضے سے موٹا اُس کا بدن پهلوانون کے سريکا مضبوط تها تحقيق کہ بدن خوب اوْر صورت مرغوب تهي کہ قلم اُس کي صورت اور قامت کے تعريف لِکهنے مين عاجز هي اور زبان مين اِتنا قوّت نهين جو حقيقت اُس کے حُسن کي بيان کرے القصّہ مُجهہ کو اُس کے ديکهنے سے حيرت هوئي اوْر وُہ کبهي هِندي آدمي کو اِس لباس سے نهين ديکهي تهي تهورا وقت مُجهہ کو تعجّب سے ديکهتي تهي اور مين اُس کے حسُن و جمال کو ديکهہ کر حيران تها

کاتے بجاتے ھین اور سُنیے والےاُن کے حق مین تحسین و آفرین کرتے ھین وھي باغ کے کونے مین گُنجان ھي ایک مین تصویران مرد اور عورت کیے بُھت ھین اُن تصویرون سیے بعضے تصویر پریان کے سریکا بازو پر دو پر بھي ھین بُھت خوب صورت اور خوشنما نظر آیے اور نوّاب سراجُ الدولہ پلاسي کے جنگ مین شِکست پائیے بعداز نوّاب میر محمد جعفر خان اور لارد کلیف اور سرداران انگریز کے جو اپس مین بغلگیر اور مصافحہ کئیے ھین ھوبھو نقش کیا ھي دوسري جاے مین آتشبازي اور چادربازي کا تماشا ھي وھان چراغان کي روشني بُھت ھي وہ بھت نوادِرات سے ھي

دوسرا تماشا عورت جسیم اور بُلند قد کا کہ نزدیک بازار ھي مارکٹ کے تھي کہ لوگ اُس کے تماشا کو جاتے ھین اوْر ایک ایک روپیہ اُسے دیتے ھین اُس کا قد پانچ ھاتھ سے زیادہ ھي جب کہ

اُس شخص کے طرف مُنہہ کرکے حوض کے کِنارے پر آکر کھڑے رہتے ہی کِسی شخص کا نام کے حرفان کاغذ کے ٹُکروں پر جُدا جُدا لِکھکر حوض کے کِنارے پر علاحِدہ علاحِدہ رکھ دیتا ہی اوُر وُہ بدھ آپ سے آپ چونچے کا اِشارہ حرفوں کے طرف کرتی ہی جیسا کہ اُس شخص کے نام کے حرفان تمام ہوتے ہیں اگرچہ عقل اُس بھید کو دریافت نہیں کرتی لیکِن ایسا معلوم ہوتا ہی کہ یِہہ خاصیت آہنرُبا لوہی کی ہی کہ اُس بدھ کے بدن میں فولاد کا ٹُکرا چھپاکر لگایا ہی اور وُہ بازیگر اپنے ہاتھہ میں آہنرُبا رکھکر جِس طرف وُہ اِشارہ کرتا ہی وُہ لکریہ کی بدھ جاتی ہی

شہر کے مغرب و جُنوب طرف ندّی پار ہوکے بعداز ایک باغ ہی بُہت چوڑا اُس کے بیچ میں ایک بنگلہ ہی اُس پر رقص اور سرود ہوتا ہی لوگ اُس کے نیچے تماشا کرتے ہیں اور عورتان و لڑکیان جو لوگ کہ گانے بجانے میں مشہور ہیں وہان آکر

کُدایا جب لکڑي زیادہ بُلند کرکر اُس پر سے اُرانا چاھا گھوڑے کے پیچھے کے سُم کو لکڑي سے چوٹ لگي اوُر گھوڑا گرپڑا اوُر سوار بھي اُسپر گرا اِس کو سخت مار لگا باوجود اِتنے صدمے کے کُچھ پرواہ نہین کیا اوُر گرنے کے ساتھ اُٹھ کھڑا رہا اور پھر جلد سوار ھوا کیونکہ کوئي اپني سواري کا قُصور نہ معلوم کرے جب کم قوّتي سے گھوڑے کے پاؤن کي غُصّہ اُس کي طبیعت پر غالب ھوا اسواسطے گھوڑے کو تھوڑے تمچیان مارکر آسپاس اُس راستے کے دور مین خوب گرم کرکر بُلند لکڑي کے اوپر سے اُڑایا اور سب حاضران تحسین و آفرین کرنے لگے

شُعبدہ بازي ایک کھیل یِہ ھي کہ چھوٹا حوض تانبے سے بناکر اُس مین ایک لکڑے کي بدھ بناکي چھوڑ دیا ھي کہ وُہ بدھ پاني مین تیرتي پھرتي ھي اوُر لوگ تماشا دیکھنے کے واسطے ھوض کے اطراف کھڑے رھتے ھین وُہ بازیگر جِس‌طرف اِشارہ کرتا ھي وُہ بدھ

دو نو پانون کھریے کرتا هي اوْر تال کیے برابر پانون
کو هلاتا هي اور کبھي دو نو هاتھ زین سے اُٹھاکر
دستک دیتا هي اوْر دو نو هاتھ پانون کو تال کے برابر
هلاتا هي پھر کبھي دو نو هاتھ زین پر رکھکر اوندھا
پھرتا هي سب سے عجب یہ تماشا هي کہ وِلایت کے
پیسے کو کہ بھُت چھوٹا هي اپنے دو نو لب سے پکر
کر زمین سے اُٹھاتا هي اور چابُک سواران هِند کے
پیسے کو هاتھ سے اُٹھاتے هین اُس کے سامھنے یہ کیا
برا کام هي بعداز اُس کیے دوسرا گھورا لاتا هي اور دو
نو گھورون کو برابر دوراتا هي اور اُسي طرح ناچتا
هوا کبھي اِس پر کبھي اوس پر پھرتا هي بعداز تیسرا
گھورا لاکر اوسي دستور سے ناچتا هي کہ ایک طرف
سے کودکر تینون گھورون کے اوپر سے جاکر دوسریے
طرف زمین پر کھریے رهتا هي اِس کام سے سب حاضر
لوگ تعجُب کرنیے لگے

ایک لکري گھرا کیا وُہ چابُک سوار گھوریے کو

کُچھہ غم تھا کہ بولنے سے باہر ھي آخرش صاحبانِ عدالت بادشاہ کي شفاعت سے اُس کھٹن کا خون معاف کیے

سرکس ایک مکان ھي وھان ایک شخص چابک سوار رھتا ھي سواري کے فن مین یکا اور سواري کے کسب مین سام و رُستم سے پیش دستي لیگیا ھي بُہت لوگ تماشہ کے لیے وھان جاتے اور ھر ایک ایکیک شِلن دیتا بھي پھلے ایک گھوریے کو لاتا ھي اور قمچي سے مارکر گرم کرتا ھي اور آپ گھورا دورنے کے وقت مین جست مارکر گھوریے پر سوار ھوتا ھي اور سیدھا کھریے رھتا ھي اُس کے بعداز ایک پانون پر کھریے رھکر چرخ مارتا ھي اور گھورا اوسیطرح بُہت جلد آسپاس دورتا ھي وُہ پکا سوار گھوریے کي پیٹ پر ناچتا ھوا پھرتا ھي اور کبھي گھوریے کي پیٹ پر لمبا لیٹتا ھي اور کبھي کھریے رھتا ھي اور کبھي جھکتا ھي اور کبھي گھوریے کي زین پر اپنا سر رکھہ کر

رکھتا تھا باوجود شادي کي پهلي عورت کو نهين معلوم
سريکا دوسري عورت کو بهي شادي کيا جب کہ
پهلي جورو اِس کيفيت سے واقِف هوئي بُهت فساد
شروع کي اور نِهايت غُصّے سے عدالت مين فرياد
کري اِس قوم کي کِتاب مين يِه حکُم هي کوئي مرد
ايک عورت کے سوائے دوسري کو شادي کرے تو بري
تقصير هي بلکہ وُہ شخص لايق قتل کے هي اؤر
صاحِبانِ عدالت اُس کپتّن کو قتل کرنيکا حُکم کِئے
اؤر وُہ فريادي عورت کِتنے برس سے مرد کي مُحبّت
اپنے دِل مين رکھتي تهي اِسواسطے اپنے فرياد کرنے
سے پشيمان هوئي اور بُهت بُهت روئي اور مرنے کا
اِرادہ کرکر گُنهگار مرد کے ساتهہ قتلگاہ مين روتي هوي
اور هاتهہ سِر و سينے پر مارتي هوي چلي دوسري عورت
بهي مرد کے دوسرے طرف دِل جلي هوئي جاتي تهي
اور مرد بيچ مين يِه دونو کے بدن مُردہ اؤر صورت
زِندہ ليکر موت کے راستے پر چلتا تها اُس جگهہ ايسا

کہ هي اُس کو هارلي کيون بولتے هين کبهي نطر آتا هي اور کبهي چهپ جاتا هي اور کبهو مِلتا اور کنچنيان کا هاتهہ پکرکر ناچتا هي اور کبهو بهاگ جاتا هي اور جَست مارکر دريچے سے باهر جاتا هي يهہ تماشا ديکهنے سے بُهت هنسي آتي هي غرض نادِر اور عجب تماشا هي

رسم هي کہ کوئي شخص ناچ کے گهر مين بات نهين کرتا هي باوجوديکہ لوگ کي کثرت هي ليکن شور و غُل کُچهہ نهين اور جب کہ نادِر نقل و حِکايات سُنے يا ديکهہ جاوے اُس وقت تعريف کرنا ضرور هي تو شاهباش واه واه بولنے کے عوض مين پانون تختے پر مار تے نهين تو تالي بجاتے هين کہ وُہ اِشارہ شاباش کا هي ۔

بُهت نقلين تماشاگاہ مين جو ديکهنے مين آئيں اُن مين سے يهہ ايک نقل سوانگ کي صورت سے ميرے نظر پري نقل هي کہ کوئي کپتن شادي کي جورو

اِس قوم کا اِرادہ یِہہ ھي کہ ھر ایک کام مین کم خرچ اور برا کام کرنا منظور ھي ھِندوستان کے جوانان جو کہ عیّاش ھین ایک رات مین ناچ دیکھنے کے لیئے سو دو سو روپیہ خرچ کرتے اور لاکھون روپیہ باپ کي دولت سے جو اِن کو مِلے ھین تھوڑے وقت مین اُڑا دیتے ھین

تماشا ناچ کا اور آواز سرود و رباب و چنگ کا اور حِکایات نادِر کا سُنا جو میرے دیکھنے مین آیا ھي کہان تگ بیان کرون اور قلم کو اِتني مقدور نہین کہ تھورا بھي تعریف لِکھے

سب تماشے سے تماشا سات رنگ کي پردے کا نِہایت عجیب ھي کہ ھر لحظہ ایک نوا نقش نظر آتي ھي دوسرا یِہہ کہ لوگ فِرشتون اور پریون کي صورت بناکر تماشاگاہ سے ایک دفعہ آتے اور ناچتے ھین اور پِھر ایک لحظے مین آنکھ سے گُم ھوجاتے ھین دوسرا یِہہ کہ کوئي آدمي سیاہ رو جو قِسم سے شیطان

جو سب سے اوپر بیٹھتے ہین ایک شلن کہ آدھا روپیہ ہي دیتے ہین اور اوسط درجہ کے لوگ جو سب سے نیچے بیٹھتے ہین دیر روپیہ عُمدہ لوگ اور ارکانِ سلطنت جو مکان کے بیچ مین بیٹھتے ہین اڑائي روپیہ دیتے اور اِن کے واسطے ایک ایک کوٹھري جُدا جُدا مُقرّر ہین بادشاہ کي بیٹھنے کي جگہہ جو سامھنے ناچنے والون کے ہي اور بادشاہ آپ ایک دو شاہ زادیے کیے ساتھہ وہان بیٹھہ ہین اور یي لوگ ایک ایک اشرفي دیتیے ہین

دریافت کرنا ضرور ہي کہ غریب آدمي کو آٹھہ آنے کے واسطے اور عمدہ کو اڑائي روپیے کے لیے ایسا تماشا جو بادشاہان کے لایق ہي اِس مُلک کے لوگ جو خواب مین کبھي نہین دیکھے ہین سو نظر آتا ہي اور اربابِ نشاط کو ایک راتمین پانچ یا چھہ ہزار روپیے مِلتے ہین اور اس بات مین خرچ کي کِفایت ہي اور لوگ کو خوشي حاصِل ہي

٦

یہ کیفیت ناچ خانا کیے — سرکس
کیے — شعبدہ بازي کیے — واکس‌هال
کیے و عورت بلند قد کیے

وِلایت مین سوانگ لانا ناچ کا دیکھنا اور ساز کا سُنّا هِندوستان کے سریکا نهین کہ لوگ اُس مُلک کے گانے بجانیے والون کتین گھر کو بُلاکر تماشا دیکھتے هین اور بُهت پیسہ ایک رات کو خرچ کرتے لیکن وِلایت مین ایسا دستور هي کہ تهوریے لوگ ایک دوسریے کي شراکت سیے کہ اُس کو انگریزي مین کمپني بولتے هین کِسي گھر کو خوب دُرُست بناکر ناچنے والے عورتان اور عِلم موسقي کے اُستادان اور گانے والون اور نقل کرنے والون کو اُس گھر مین نوکر رکھتے هین قریب تین چار هزار آدمي کے جمع هوتا هي اور غریب لوگ

خانہ رهنے کي جگهہ هي اؤر چوتهے مين نوکران رهنے کي جگهہ هي ليکن نيچيکا درجہ خاص کرايے کے دوکان کے واسطے هي دوکانون کيتن سب شيشہ بندي کرتے هين اندر اقسام کے چيزان برابر چُنکر رکهتے

راستے مين پهتر بچهايے هين اور راستے کي چورائي اِتني هي کہ تين گاريے قطار سيے ايک کے بازو سے دوسريے چلے جاوينگے اِس کے سوايے پيدل لوگ کيے واسطے راستے کے دو نو طرف دو گز چورائي هي سواران چار پايان کو اُس پر چلنا نهو اور وُہ راستہ خاص پيدل مردان اور پيشواز پوش بي بيان چلنے واسطے هي

پرها اگر فردوس برروے زمین است همین است و همین است و همین است

شہر کے راستے چورائي سے دُرست کئے هین راستے کے دو نو طرف عمارتان تین درجے اور پانچ درجے کے ایک وضع پر کلکتے کے بارکس کے عمارات سریکا هین اور کُچھہ بینگے تیرهے نهین اِسواسطے اجنبي اور نا واقف لوگون کو غلطي هوتي هي غلطي نه هونے کے لئے پیتل کے تختے پر گھر کا مالک اپنا نام لکھہ کر حویلي کے دروازے کے اوپر لٹکایا هي هرایک هُنر اور کسب والا بهي تصویران اپنے هُنر کے لکھکر دروازي پر لگاتے هین جیسا کہ اگر موچهي هي تو صورت جوتي کي اگر روٹي بنانے والا هو تو تصویر روٹي کي میوہ فروش تصویر طرح طرح کے میوے کي بولتے هین بیچ طور کنچنیان کے گھران بهي هي مین بعداز اس احوال کو بیان کرون کا

حویلي کے دوسرے اور تیسرے درجے مین صاحب

قطار لگي هي ايسوار کيے دِن عورت مرد جوان اؤر غريب اؤر غني مسافرِ و مُقيم کي سيرگاہ هي اؤر ميدان دِل کو خوشي دينے والا غم ديکھے هويے لوگ کو وهان کے سير سيے بهشت کا تماشا حاصِل هوتا هي اؤر غمگين دِلون کتين وُہ سيرگاہ ديکھنے کيے باعِث بے اختيار خوشي ملتِي هر طرف معشوقان روپيے کيے بدن کيے مانِند طأوسان کيے چلتے اؤر هر ايک کونے مين دِلبران پري کي صورت کے هزاران ناز و انداز سيے پهرتے اؤر زمين کا ميدان آفتاب کے پيشاني والون سيے بِهشت هوگيا هي اور بِهشت ايسے معشوقان کا حُسن ديکھنے سيے شرمندِگي سے سر جُهکا ديا هي وهان عاشقان کو مُلاقات محبوبان پري تمثال کيے بغير فکرِ کوتوال و رقيب کيے ميسّر هي اور مُشتاقون کے تين ديدار گُل رخسارون کا بيے اٹکانيے کيے حاجب مين اِس زمين بِهشت آئين کو جب ديکها بيے اختيار يہہ شعر

نُما هي بولتے هين کہ بادشاہ کے حويلي کے اندر اور کوٹھريان اور زنانے کے محلان بہُت تُحفہ اور پاکيزہ بنائے هين اور رنگ زنگار کا دئيے هين

اکثر لندن کے عمارتان تين درجے اور پانچ درجے کے هين اور اِس مُلک مين درجہ بلند بناتے اِس لئے کہ گرمي کے موسم مين هَوا آوے ليکِن سبب سے سردي اور برف کے درجے وِلايت مين پست بناتے هين اور درجے مين تختے بندي کرتے هين سقف کو سُفيد کرکر اور ديوار کو رنگين کاغذ لگاتے هين

طوفان چلنے کے وقت درچون کے ديواران هلتے هين اوُر نوے لوگون کو اِس بات سے گُمان هوتا هي کہ شايد ديوار گِرپرينگي ليکِن کُچھہ در نهين چُنانچہ يِہ خطرہ ميرے دِلمين آيا تها

بادشاہ بيگم کے حويلي کے نزديک ايک ميدان هي کہ جِس مين اقسام کے هرن چوڑے هين اوُر اکروٹ کے سايہ دار جهاڑون کے راستے کي دو طرف

قطار لگي هي ايسوار کيے دِن عورت مرد جوان اؤر غريب اؤر غني مسافر و مُقيم کي سيرگاہ هي اؤر ميدان دِل کو خوشي دينے والا غم ديکھے هويے لوگ کو وهان کے سير سيے بهشت کا تماشا حاصِل هوتا هي اؤر غمگين دِلون کتين وُہ سيرگاہ ديکھنے کيے باعِث بے اختيار خوشي ملتي هر طرف معشوقان روپيے کيے بدن کيے مانِند طأوسان کيے چلتے اؤر هر ايک کونے مين دِلبران پري کي صورت کے هزاران ناز و انداز سيے پهرتے اؤر زمين کا ميدان آفتاب کے پيشاني والون سيے بِهشت هوگيا هي اور بِهشت ايسے معشوقان کا حُسن ديکھنے سيے شرمِندگي سے سر جُهکا ديا هي وهان عاشقان کو مُلاقات محبوبان پري تمثال کيے بغير فکرِ کوتوال و رقيب کيے ميسّر هي اور مُشتاقون کے تين ديدار گُل رخسارون کا بيے اٹکانيے کيے حاجب مين اِس زمين بِهشت آئين کو جب ديکها بيے اختيار يهِ شعر

نُما هي بولتے هين کہ بادشاہ کے حويلي کے اندر اور کوٹھريان اور زنانے کے محلان بہُت تُحفہ اور پاکيزہ بنائے هين اور رنگ زنگار کا دئيے هين

اکثر لندن کے عمارتان تين درجے اور پانچ درجہ کے هين اور اِس مُلک مين درجہ بلند بناتے اِس لئيے کہ گرمي کے موسم مين هَوا آوے ليکن سبب سے سردي اور برف کے درجے وِلايت مين پست بناتے هين اور درجے مين تختے بندي کرتے هين سقف کو سُفيد کرکر اور ديوار کو رنگين کاغذ لگاتے هين

طوفان چلنے کے وقت درچون کے ديواران هلتے هين اوُر نوے لوگون کو اِس بات سے گُمان هوتا هي کہ شايد ديوار گِرپرينگي ليکن کُچھہ در نهين چُنانچہ يِہ خطرہ ميرے دِلمين آيا تها

بادشاہ بيگم کے حويلي کے نزديک ايک ميدان هي کہ جِس مين اقسام کے هرن چوريے هين اوُر اکروٹ کے سايہ دار جهاڑون کے راستے کي دو طرف

جمال کي نور مين کُچھہ فرق نہ کرکر تصوير سريکا ايک جگہہ کھرا رہگيا اور جناب اِلہي کي قُدرت دريافت کرکر تعريف خُدا کي کرتا تھا اور يہہ بيت پڑتا تھا نُمايش دھد پيکرِ خاک را زنُطفہ کند صورتِ پاک را

کپتن مس اور پيکاک صاحبِ اسباب و جِنس چھوڑانيے کي تاکيد ليکر لنڈن سيے وھان پُھنچے اور مُجھہ کو مُحمد مُقيم سميت گاري مين بٹھاکر لندن کو اکر کاونٹ گياردن کيے محلّيے مين اپنے بھائي کے گھر کو پُھنچکر سختيون سے سفر کے آرام پايے

مين لندن کے شہر کو ديکھنے سے نہايت خوش ھوا اور ولايت کے لوگ بھي ميرے ديکھنے سے خوشي حاصل کيے باوجود بيے ھنري اور نہ ھونيے لياقت کے ميرے تين اھلِ ولايت دوست رکھتے تھے سچ ھي يہہ تمام خوبي اور اخلاق اھلِ ولايت کا ھي کہ مين اُن کي تعريف نہين بول سکتا ھون کہ مُسافرِ اور غير مُلک

هو اور مین چالیس هاتهه کی فاصلے سے کهرا تها وُه آواز صاف میریے کان مین پُهنچا اور مین جواب دیا که تماشا دیکهتا هون اور میرا جواب بهي کپتن کو صاف سُنا گیا مین وهان سے عِمارت کی باهِر کي سِري پر چرهکر اوپر کي گُنبذ کے پُهنچا اور دس بارا کوس کے میدان پر میري نظر پري تو تمامي عِمارات پانچ درجے اور سات درجے کی میري آنکهه مین چهوٹي دسِتے تهے اور گهوریے لوگ بکریان بلکه بِلّي کے سریکا نظر آتیے سچ هي دِل کهولنے والي اور خوشي بخشنے والي جگهه هي پهتّر کي عِمارت اِس مضبوطي اور بُلندي اور کلاني سے هِندوستان کیے مُلک مین سِوایے تهوري گُنبذ بیجاپور کے نهین

کلیسا ویسٹ‌مِن‌ستر ابي کا بنایا هوا دانمارک کیے بادشاه کا اور بهُت پُرانا هي لیکِن اب تگ نوا دِستا هي نقّاشان جو اپنے فن مین پکّے تهے بُت اونکے هاتهه کے اُس کلیسا مین بناي هوي هین ایک تصویر کِسي

جب کہ کیلِس کے گانوں سے مین روانہ ہوا ایک دِن مین انگلنڈ کے مُلک مین ایک چھوٹا شہر دریا کے کِنارے پر کہ جِس کا نام دوور ہي پُہنچا سایر کے لوگ غراب مین اسباب دیکھنے کو آئے پیکاٹ صاحب کي بي‌بي جو قوم سے سیاہ پُرتکیس کے تہي اُس کے صندوق مین دو تہان مشجر کے اور ایک تہان کمخواب کا پایے اس واسطے اُس کو تقصیر کے لایق سمجھہ کر

مین غراب پر سے اُترکر ایک سرا مین آیا اور ایک خط سب کیفیت کا لِکھکر ٹپّال پر لنڈن کو کپتن س کے پاس روانہ کیا

اکثر وقت شہر کے سیر تماشے کو شہر اور اطراف شہر مین جاتا تہا جب کہ اہلِ ولایت ٔ ہندوستاني آدمي کو اِس لِباس سے کبھي نہین دیکھے تھے اور میریے دیکھنے کو نادِر تماشا سمجھکر بہیر جمع ہوتي اور مُجھہ کو غیر مُلک کا آدمي جانکر دوست رکھتے تھے چھوٹے بریے اُس شہر کے قدیم آشنا سریکا میریے

٥

يہہ کيفيت لنڈن کے شہر کي
عمارتون کيے — سينٹ جيمزز
پارک کيے — شہر کيے راستون و
دوکانون کيے

لندن کي شہر کي تعريف مين کيا بيان کرون کہ تمام روئے زمين پر ايسا کوئي شہر آباد و معمور نہين ليکن زبان مين اِتني قوّت نہين کہ کماينبغي اُس شہر کي خوبي کہون

شہر کے بيچ مين ايک ندّي جاري هي اور ندّي پر شہر کا قِلعہ هي جو کالے پھتّر سے بنا هي اور نہايت مضبوط اُس کو تور بولتے هين اُسمين سلاح خانے بہُت هين اور چھوٹے بڑے توپان پيتل اور پچرس کے سادے اور نقشي بہُت ديکھنے مين آئے ايک

پٹکا کمر میں باندھ اور پیش‌قبض کمر میں لگاکر
بطور ہِندوستان کے لوگ کے میں سیر کو جاتا تھا بعضے
لوگ اِس لِباس کو پسند کرتے اور تھوڑے زنانہ اور
نازنیوں کا پوشاک سمجھتے جب کہ دو تین مہینے اس
طرح سے گُذرے تو ہر ایک شخص میرے سے دوستي
کرنے لگا جو خوف عام لوگوں کے دِلوں میں تھا سو
جاتا رہا تب نزدیک آتے تھے اور بازاري کنچنیاں
مسخري سے بولنے لگے اي میري جان آ اور بوسہ
دے

کے باشندیے کو اپني جان سے بھي زیادہ دوست جانتے
ھین اور بیگانے کي خاطرداري اور غریب پروري مین
نہایت کوشش کرتیے ھین میریے جانیکے آگے اھلِ ولایت
سوایے چاٹگانون اور جھانگیرنگر کے خلاصیان کیے کوئي
مُنشي کتین اِس لباس سے نھین دیکھے تھے اور وہ
لوگ طور و وضع سیے ھند کے آدمي کے واقف تے تھے
اِس لیے مُجھہ کو بنگالیے کیے عُمدہ لوگون بلکہ نوآب
کے بھایون سیے سمجھتے تھے اور دور و نزدیک سیے میریے
ملنے آتیے تھے اگر مین کبھي سیر تماشے کو جاتا تو
بُھت لوگ اور بھیر میریے ساتھہ چلتیے اور لوگ بازار
کیے راستے کے حویلیون پر دریچون سیے سِران نِکالکر
مُجھہ کو دیکھتے اور حیران ھوتي بچّے اور جوانان دیول
یعنے دیُو سیاہ سمجھہ کر نہایت در سیے نزدیک نھین
آتیے

جِسوقت مین لندن کو پُھنچا تب گرمي کا موسم تھا
بُھت وقت جامہ پھنکر اور پگري سرِ پر رکھہ اور

جمال کي نور مين کُچھہ فرق نہ کرکر تصوير سريکا ايک جگہہ کھرا رہگيا اور جناب اِلهي کي قُدرت دريافت کرکر تعريف خُدا کي کرتا تها اور يِہہ بيت پڑتا تها نُمايش دهد پيکرِ خاک را زنُطفہ کند صورتِ پاک را

کپتن مس اور پيکاک صاحبِ اسباب و جِنس چهوڑانيے کي تاکيد ليکر لنڈن سيے وهان پُهنچے اور مُجهہ کو مُحمد مُقيم سميت گاري مين بٹهاکر لندن کو اکر کاونٹ گياردن کيے محلّيے مين اپنے بهائي کے گهر کو پُهنچکر سختيون سے سفر کے آرام پائے

مين لندن کے شهر کو ديکهنے سے نهايت خوش هوا اور ولايت کے لوگ بهي ميرے ديکهنے سے خوشي حاصل کيے باوجود بيے هنُري اور نہ هونيے لِياقت کے ميرے تين اهلِ وِلايت دوست رکهتے تهے سچ هي يِہہ تمام خوبي اور اخلاق اهلِ وِلايت کا هي کہ مين اُن کي تعريف نهين بول سکتا هون کہ مُسافرِ اور غير مُلک

ساتھ دوستي اور مہرباني کرتے اِن کي مہرباني اور
آدميت ديکھنے سے خاطِر جمع ہوے اور پريشاني ميرے
دِل سے جاتي رہي ايک روز ناچ کے گھر مين کہ عُمدہ
عورت اور مرد ساز و سامان سے مجلِس کيے تھے اور
ميرے تين اپنے ساتھ ليگيے اور وہان پُہنچے بعداذ ناچنا
اور ساز بجانا موقوف کرکر ميرے طرف ديکھنے لگے جامہ
پگري شال لِباس کو ديکھکر سمجھے کہ يہہ بھي ناچ اور
سوانگ کا لِباس هي بھَتيرا مين اِنکار کيا لِيکن لوگ
سچ نہين جاني اُس مجلس کے چھوٹے بڑے ميرے لِباس
اور صورت کو ديکھتے تھے اور مين اُن کے خوب صورتيکا
تماشا ديکھہ رہا تھا اور مين تماشے کو گيا تھا نادِر يہہ
هي کہ مين اب دوسرون کا تماشا هو گيا اُس مجلِس
خرد فريب کے پريان کو حوران ديکھنے سے شرم کا
پردہ اپنے مُنہہ پر کھينچے اور غِلمانِ آفتاب چہرہ
اُن کے ديکھنے سے شرمندگي سے سِر جُھکا ديتا تھا مين
هوش باختہ شمع کي روشني مين اور اُن نازنيان کي

جب کہ کیلس کے گانؤن سے مین روانہ ہوا ایک دِن مین انگلند کے مُلک مین ایک چھوٹا شہہ دریا کے کِنارے پر کہ جِس کا نام دوور ہي پُہنچا سایر کے لوگ غراب مین اسباب دیکہنے کؤ آئے پیکاک صاحب کي بي‌بي جو قوم سے سیاہ پُرتکیس کے تہي اُس کیے صندوق مین دو تہان مشجر کے اور ایک تہان کمِخواب کا پایے اس واسطے اُس کو تقصیر کیے لایق سمجہہ کر

مین غراب پر سے اُترکر ایک سرا مین آیا اور ایک خط سب کیفیت کا لِکہکر ٹپّال پر لندّن کو کپتّن س کے پاس روانہ کیا

اکثر وقت شہر کے سیر تماشے کو شہر اور اطراف شہر مین جاتا تہا جب کہ اہلِ ولایت ؑ ہندوستاني آدمي کو اِس لِباس سے کبہي نہین دیکہے تہے اور میریے دیکہنے کو نادِر تماشا سمجہکر بہیر جمع ہوتي اور مُجہہ کو غیر مُلک کا آدمي جانکر دوست رکہتے تہے چھوٹے بریے اُس شہر کیے قدیم آشنا سریکا میریے

فراسیس کے مُلک کے تعلیم جانون کو بھیجتے ھین اور
اب انگریزان عِلم و ھُنر اور حُکمت جاننیے سیے
مشہور ھین نہین تو پہلے دِنون مین اِتني لِیاقت اوُر
قُدرت نہین رکھتے تھے اور اکثر ھِند کے لوگ سریکا
نادان تھے لِیکن کھتے کہ انگریز اچھّے سپاھي ھین اور
کمینہ قوم انگریز کي کُچھہ کام کرنے اور نوکري پیدا
کرنیے کو دوسریے مُلک کو نہین جاتے کیونکہ نادان ھین
اور عِلم و ھُنر جاننے سے سُست ھین اگر دوسریے مُلک
کو جاوین تو بھي کوي اِن کو نہین پوچھتا ھي یہان
تک کہ سوایے کھانے پینے اور لِباس کیے عاجِز ھو جاتیے
لیکِن فراسیس کے قوم کہ ھر ایک عِلم و ھُنر جانتے ھین
جِس جگہہ جاتے ھین غیر لوگون کے دِلکو دوست ھوتے
ھین اور غِرّت و حُرمت دیکھتے الغرض فراسیس کا
قول محض اپني شان نمود کرنیے کے واسطے مُجھکو
معلوم ھوا اور بیے سبب دوسري قوم کو بد نام
کرتے ھین

پیکاک صاحب گاري کي سواري سے ٹپّال پر انگلند کو روانہ ہویے اور مین دوسریے اسباب کے ساتھہ غراب پر سوار ہوکر ایک ہفتے کے بعداز کیلِس کے گانون مین پہُنچا

دو ہفتے تک وہان رہا اور سیر تماشا گانُوان کا کرتا

رعیت لوگ گھر کي دیوار پھتّر سے بناکر اُس پر گِلاوہ کرتیے ہین اور گھر کا چھت دُرُست کرکر مٹي کي کھپریل اُس پر چڑھاتیے ہین بانس وِلایت مین نہین اسواسطے گھر کا چھت لکڑي سے تیّار کرتیے

غریبان کا کھانا آش اور جو کي روٹي لور اُن کا لِباس موٹا پشمینہ نہین تو کپڑا اجار کیے پات سے کہ جِس سے رسّي بناتي ہین بعضے جوتي اور موزہ پہنتے ہین اور اکثر لوگ کتین میسرنہین

فراسیس کہتے ہین کہ انگلند کے لوگ عِلم موسقي کا اور گھوریے کي سواري فراسیس سے سیکہتے ہین چنانچہ اکثر دولتمندان انگلند کیے اپنے لڑکے اور لڑکیان کتین

جب کہ جہاز کوٹھي مين پہنچا بادشاهي لوگ جہاز پر آئے اور چوکي بٹھائے کيونکہ فراسيس کے بادشاہ کا يہ حُکم هي کہ کوئي شخص مال سوداگري کا نہ لاوے اور نہ بيچے اگر لاوے تو وُہ مال کيے سرکار مين ضبط هوگا اور اِس کيے سِوائے جريمانہ دينا هي اِس صورتمين کپتن کيے نايبان اور ايک حکيم اور ايک پادري بنگالے کے کپڑے لائے تھے اور چوران کے سريکا جيب اور گريبان اور کمر مين لپيٹ کر اپنے گھرون کو گئے کپتن س اور پيکاک صاحب کرايے کي حويلي دهوندنے جہاز سے باهِر گئے اور مُجهہ کو دو تين دِن جہاز پر رهنا هوا

کپتن سن اور پيکاک صاحب کپڑے وغيرہ جِنس بهُت اپنے ساتهہ ليے گئے تھے جب کہ يہہ لوگ قوم انگريز اور غير مُلک کے رهنے والے تھے فراسيس کے اهلِ کاران اِن سے کُچهہ نہين پوچهے اور چهوردئيے

مين سولا روز نانتز مين رها بعداز کپتن س اور

هوے اور وطن دیکھنے سے نہایت خوشي کرتے اور مُجھہ کو بھي چھے مہینے سے سوائے پاني اور آسمان کے کُچھہ نظر نہین آتا تھا اور وحشي جانور کے سریکا جہاز کے پنجرے مین رھکر ھمیشہ جہاز کے تختے گِنتا تھا اور سمجھہتا کہ اِس دریا کو شاید کوئي کنارہ نہوگا حاصِلِ کلام زمین اور آبادي دیکھنے سے تازہ جان میرے بدن مین آیا

نادر کیفیتِ یہہ کہ فراسیس کي قوم کے غریب لوگ جو کہ مقدور جوتي پہنے کا نہین رکھتے ھین لکڑے کي جوتي پہنتے ھین بطور مسخري اور مزاح کے راستہ چلتے ھین انگلند کے مُلک مین اگرچہ غریب لوگ ھین بِوایے موزہ اور جوتي کے نہین پِھرتے کپتن س اور پیکاک صاحب یِہہ حالت دیکھنے سے ھسے اور کہے کہ یہہ لوگ بُھت غریب ھین اِس لیے کہ محنت و مشقت کرنے مین انگریز لوگون کے سریکا نہین بلکہ بُھت سُست ھین

۴

یہ کیفیت پہنچنے مین نانتز کیے شہر
مین جو فراسیس کے مُلک مین ہي
نقل وہان کیے اور انگلند کیے مُلک
مین پہنچنیے کیے

فراسیس کے عِلاقے کا شہر جِس کا نام نانتز ہي جب جہاز اُس شہر سیے یک دو کوس کے فاصلے اور کِنارے پر دریا کے پہُنچکر لنگر دیا اور ایک توپ چھوڑا غراب ارکاٹي جہاز کے پاس آیا کپتّن راہ دیکھایا جہاز کو فراسیس کے کُمپني کیے گھاٹ پر کھڑا کیا

شہري لوگ غریبون کي قوم سیے ہر ایک چیز بیچنے والے اقسام کیے میویے نان اور تازہ مَسک بیچنے لاتیے تھیے جہازیان چھے مہینے سیے روٹي اور تازیے مسکے کا منُہ نہین دیکھے تھیے اُسکے کھانیے سیے خوش

دو شاخے کیاسریکا هي جیسا کہ اُس کي شکل جهاز کے آگے پیچھے
بناتے هین جهازیان خرابون لور دریا کے اطراف مین اِس
طرح کے نادِر نادِر صورتان دیکھتے هین کہ وُہ صورت ایک
بلا هي خُدا اپنے فضل سے اُس کا مُنہہ کِسي کو نہ
دیکھاوے یِہہ خِلقت قسِم سے جِنون کے هي جب کہ
وُہ شکل کمر تک پاني پر کھڑے رهکر چهرہ دیکھاتي هي
جهازیان اُس کا چِهرہ دیکھنے سي دیوانے هوکر بیهوش
هوجاتے هین وُہ صورت جهازیون سے ایک آدمي کا
نام لیکر پکارتي هي وُہ شخص اُس آواز کے سُنّے سے
بیقرار هوکر دوسرے آواز سے چلنے کو تیّار هوتا هي اور
تیسرا آواز سُنکر ایکدم جَست مار کر پاني مین گِرپڑتا
هي لوگون کي نظر سے گُم هوجاتا هي کهتے هین اگر
اُس شخص کو لوهے کي زنجیر سے باند هین تو بهي
وُہ نهین رهسکتا هي

کو باہر چھوڑتي هي پاني فوّاريکيے سريکا تار کيے جهاڑ کيے بُلندي کيے برابر اُڑتا هي اور اُسکا آواز بُهت شور سيے هوتا هي جيساکہ آدهيے کوس سے سُنے جاتا هي کُچهہ کهانيے کي اُميد سيے اور جهاز کو ديکهنے کيے لئيے ايک نزديک آکر اور کبهي غوطہ مارتي اور کبهي باهر نکلتي تهي اگر باهر نکلنے کيے وقت اُس کا تهوڑا دهکا بهي جهاز کو پُهنچے تو شايد جهاز ٹوٹ جاويگا اور همکو اُسکے ديکهنے سيے کُچهہ خوف اور در دِلمين پيدا هوا اِسبات کا گمان تها کہ شايد وُہ جهاز طرف آويے

کيفيت جل منسي کي يهہ سر سيے کمر تک صورت خوبصورت عورت کي رکهتي هي اور دو جهاتي پهول سريکا مُنهہ سياہ بال کالے آنکهہ قد بهي اچّها اور بهوان کمان سيے هي ديکهنے سے اُس صورت کيے دِلان عاشقون کيے زخمي هوتي هين اور جوانانِ عشق پشيہ اُن کي مُحبّت کے دام مين قيد کمر کيے نيچے سے آدهے اعضا نيچے کے مچّهي کيے دُم کيے مانند اور

سریکا اور حریر کاغذ سے بھی زیادہ باریک ہین جب تک مچھلی کا پر پانی مین بھیگا ہی اُن کو اُرنیکا قوّت رہتا ہی جب کہ آفتاب کی گرمی اور ہَوا کیے بھنے سے پر مچھلی کا سوکھ جاتا ہی اوسی وقت پانی مین یا جہاز پر گرپڑتے ہین جہاز کے خلاصیان پرندہ مچھلی کو پیٹھ مین تھوڑی انیون دالکر خبرداری سے رکھتے ہین اور ہِند کے وغیرہ مُلک مین بُہت قیمت سے بیچتے ہین ہِند کے حکیمان بولتے ہین کہ یِہ مچھلی قوّت باہ کے واسطے بُہت فایدہ دیتی ہی کہ اُس کے کھانے سے نامرد مرد ہوتا ہی دوسرا یِہ کہ بالو مچھلی بھی ایسہ جاصیت رکھتی ہی

کیفیت دریا کی مگر کی اُس کو انگریزی زبان مین وھیل بولتے ہین بدن اُس کا دو بڑے ہاتی کے برابر بلکہ زیادہ ہوگا اور کلہ مانِند ہاتی کے کلے کے چھید ناک کا سر کے اوپر ہی جب کہ دم کھینچتی ہی پانی اُس کے حلق مین جاتا ہی اور جب دم

کرکیے چونچ گورون کے هاتھ پر مارے لیکن پکڑے گئے
مین دو جانور کو کہ سُرخاب کیے سري کیے تھے گورون
سے لیکر جهاز مین لایا اور محمد مُقیم جو میرا نوکر
تها جانورون کو دیکهکر بهت خوش هوا ذبح کرکر پاک
و صاف کیا مصالہ گرم اور سرد دیکر گهي مین پکایا
لیکن اُن کا گوشت کچهه بهي نهین گلا اور بدبو نهین
دفع هوي آخر وہ سب سالن دریا مین ڈال دیا لیکن
گورے جانور کو انگار پر بهون کر کهاتے هین سچ هي
کہ ولایت کے گورے خصوص فراسیس کي قوم بهوت
غلیظ خوار هین

عجایب اور غرایب دریا کے بهوت هین اگر لکهنا
چاهون تو دوسرا دفتر چاهیے اِسواسطے تهوڑا احوال لکهکر
بس کرتا هون پرندہ ماهي صورت مین اِس ملک
کے دیوہ مچهي سي هي لیکن لمبائي مین تین انگل
هوتي هي اُس کے گلے کے دونو طرف دو پر هوتے
هین جو لمبائي مین چار اُنگل کے مکهري کے جالے

دریا کي تانبیل بهُت بري وزنمین دو من کیے برابر بلکہ اُس سے زیادہ هي چاندني راتمیں اندیے دینے کیے واسطے کنارے پر جزیریکیے جو تمام بالو هي جاتیے هین جهازي لوگ چهپکر دور بیٹهے جب کہ تانبیل پاني سیے نِکل کریے لوگ جَست کرکر پیچهے سیے تانبیل کو پکڑلیتے اور اُس کو اوندها کردیتے هین اِسیطرح ایک راتمین چالیس پچاس تانبیل کتین پکڑکر جهاز کیے لوگون کو گوشت اور اندیے کهلانیے سیے خوش کرتیے هین چنانچہ ایک روز کیے واسطیے ایک تانبیل جهاز کیے آدمیون کیے کهانیے کیے لئے بس هوتي هي

پرندیے جانور مُرغابي اور کُلنگ کیے مانند بهُت هین لاکن گهونسلا نهین رکهتیے کیونکہ وهان جهار گهانس کُچهہ نهین اور هر ایک جوڑا جانور کا پهار کیے بُلندي پر نهین تو کوئي پهتر اور ٹیکریے کو اپنے رهنیے کیے واسطے پسندکرکر وهان رهتیے آدمیون نهین درتیے هین جهاز کیے گوریے جانور پکڑنیے کا قصد کئے اور شور اور آواز

وقت هاتیان پہاڑون اور جنگلون سے مندیے کیے مندیے آکر چراني مین مشغول هوتي وُہ لوگ بندوق کیے آواز کرتیے اور اُن کو اوسطرف لیجاتیے گرون مین گرپرتیے اور چند روز کیے بعداز دانیے پاني کیے نهونیے سیے مرجاتیے یہہ لوگ هاتي کیے دانت کو سوداگران کتین بیچتي

ولندیز بنگالیے کیے مرد اور عورت اور بچّون کو مول لیتیے هیے تهورّیے غُلام اور باندیان سیے مین مُلاقات کیا اگرچہ وُہ لوگ هِندي اور بنگالي زبان کو بُهول گیے هین لیکن اِشاریے سیے کُچهہ کُچهہ بات کرتیے هین اور مچّهي شِکار کرکر مُچهہ کو دیتے تهے

جزیرہ اس سِینشن کا کیپ کیے شمال و مغرب طرب هي ایک مہینے کیے عرصے مین وهان پُنچے وُہ ٹاپو ویران هي مچّهي بهُت هي اُن مچهیون مین ایک چهوٹي مچّهي کوئي مچّهي کیے سریکا مُنهہ کُهلا هوا کهپلا بدن پر کالا رنگ بُهت مزہدار بیحِساب هي جهاز کیے خلاصیان گل سیے پکڑتیے هین

کنارے کو پہنچتا هي اور جهاز کے نوے لوگ کتنے وهان جلنا پهرنا مشکل هي اِس لئے پهلے فراسیس اور انگریز کے درمیان بهت برس تک جنگ تها اور انگریزان سب فراسیس کے جزیرون کو فتح کئے مگر یهِ جزیرہ فتح نهین کئے

بولتے هین کہ یهِ جزیرہ اول پُرتکیس آباد کیا تها جب کہ اژدها اور سانپ بچهو اِسمین بهتایت سے تهے اِس سبب سے لوگ نهین رهسکے اُسوقت فراسیس کو دیا اور پادریان فراسیس کے قوم کے جادومنتر سے سانپ بِچهو وغیرہ کو قید کرکے اور کِشتیانمیں چڑهاکر وهان سے دو تین کوس کے پیلیور لیجاکر پانی مین چهور دئے جیساکہ اُس تاریخ سے سانپ بِچهو وغیرہ کا اوس جزیرےمین نام نهین رها اِس بات کو خُدا بهتر جانتا هي

مچهلي بهت هي لوگ گل اور جالے سے پکڑتے هین لیکن کوئي مچهي بنگالے کي مچهلي سریکا نظر نهین آئي اگرچہ بعضے مچهي کوي کے سریکا اور بعضے رنگ

اسواسطے مٹّي اور اینٹ کي دیوار نہین ٹھیرتي هي گھران لکڑي سے بَناتے هین گھر کے سائبان مین بھي تختے بندي کرتے هین لاکِن زمین سے ایک دو هاتھ بُلنَد مندّوے کے طرح بناکر اسکے نیچے چاٹ لگاتے هین اچّھا گھاس وهان نہین هي اِسواسطے گھر کے چھت کو تختے کے ٹکُرون سے کھپریل کے سریکا ایک کے اوپر دوسرا ٹکُڑا رکھکر لوهے کے میخون سے بند کرتے هین تھورا بھي پاني اُسمیں نہین گھس سکتا هي ایک گھر کو پچاس ایک سو برس تک مَرمّت کرنا ضرور نہین بُنیاد گھر کي پایُون پر الگ رهتي هي اِسواسطے جِس جگہہ چاہے هین گاڑي کہ سریکا دور یا نزدیک هو ایک دو کوس گھر کو کھینچکر لیجا سکتے هین

اِس جزیریکے اطراف مین بسبب خراب کے جگہہ جهاز لنگر کرنے کي نہین مگر شہر کے نزدیک ایکیچ جگہہ هي اُس راستے مین بھي تین کوس تلک خراب جگہہ کا ڈر بہت هي اور بہت مِحنت سے جهاز

طرح کیے ولایتي جهار اور هندوستاني کیے لگایا جیسا که
انگور سیب ناشپاتي اور بهي اور امرود اور بے دانه اور
آم اور کیلا وهان کیے لوگ سرد اور شمشاد وغیره کیے
درخت باغون و راستي مین لگاتیے هین اور باغون کو
خوب دُرسُت بناتیے هین آباد هونیے کیے آگے کیپ
سب ویرانه تها اور کالے رنگ کیے لوگ اور جنگلي اِس
مُلک کیے بازیگران کیے سریکا گهران اُٹها لیکر قریب
سات آٹهه هزار آدمي کیے عورت اور بچّي اور گهوڑیے
بکریے گائے بَیل کیے ساتهه دوسریے مُلک سیے کیپ مین
پُهنچکر تین چار برس تلک وهان رهکر پهر دوسریے
طرف جاتیے تهیے اُن کا لِباس کچّے چمریے کا اور اُن
کي غِذا کچّا گوشت اور دودهه بکري میویے جنگلي
هي لوگ لمبیے قد کیے اور بدن موٹا اور دور مین ایسا
جلد اور چالاک تهیے که جنگلي سُوّر اور هرنون کیتن
آساني سیے پکرتیے

هاتیونکیے چراگاه کیے پاس دونگے گریے کهودتیے جِس

۳

یہہ کیفیت کیپ گڈ ہوپ اور
آس سینشن کیے جزیرے کا

جب کہ لنگر اُٹھایا منہہ جہاز کا جنوب و مغرب کیے طرف تھا بعداز جہاز کیپ کیے نزدیک پہنچا اور تب بہ سبب باد مخا لف کیے جہاز وہاں سیے پیلیور نہیں جاسکا پانچ سو کوس پیچھے ہٹ گیا پچیس دن تلک بارا ایک طور پر چلتا تھا جب کہ بادِ مخالف تھورا کم ہوا اور بہت محنت سیے کیپ کیے کونیے سیے جہاز باہر نکلا

کیپ مین جہاز دو ہفتیے لنگر کیا

کیپ ایک کونہ حبش کیے ملک کا ہی کیپ کا ملک قوم ولاند کی حکومت مین ہی ولندیز دریا کیے کنارے پر بہت خوب صورت شہر بنایا اور طرح

جہاز کے باہر کے تختے کو مار لگنے سے تھوڑا پانی اندر آیا اور دو کشتی جو جہاز کے اوپر تھے ٹوٹ گئے اور تختے ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے سولا دن وہان جہاز کی مرمت کے واسطے رہنا ہوا اس طوفان مین بہوت جہازان ٹوٹ گئے اور خراب ہوے اور اُس کے بعداز کوئی طوفان ویسا برا ولایت تک دیکھنے مین نہین آیا اور کوئی آفت نہین ہوی کپتن س اور مستر پیکاک فراغ اور ہنسی سے میرے تین بولے کہ تمہارے قدم کی برکت اور بہتری سے کوئی در ظاہر نہین ہوا مین جواب دیا کہ مجھہ ناپاک اور غریب کے قدم سی کیا خوبی ہوگی لیکن خدا نے مہربانی سے اپنے بندون کی خبرداری کیا اپنے بندون کی اُمید کے کھیت کو تازہ اور سرسبز رکھا

مین سرن پوٹھا کیے سریکا هي مگر مُہہ کھُلا هوا اور چورا نهیدہ اور بهگت مچهّي کیے مانند تهیے اور سب مچهیون مین سیے پونٹھا مچهّي کہ جِس کا رنگ اوجلا اور هر ایک جگہہ لال نُقطیے بهوت پسند اور خوش رنک اور مزہدار هي اور دوسریے مچهیان بهي مانند بوالي اور موي کیے کهپلا رکهنیے والیے اور بیے کهپلا دیکهنے مین آئیے اور مزہ مین بهي خوش مزہ تهیے

جِس روز کہ اوس جزیریمین مین داخِل هُوا اوسکے دوسریے دِن مِیهون اور بارا شروح هوا تین چار دِن تلک بُهت طوفان چلتا تها میهون زیادتي سیے پرتا تها دو جهاز فراسیس کیے جنس سے بهریے هویے دو دو لنگر کیے بوجهہ سیے کهر یے تهے طوفان کے چهپک سیے دو نو جهاز لنگر سمیت کسیے خرابي مین پُهنچکر ٹوٹ گیئے اور هم لوگ کي سواري کا جهاز بهي خرابي اور اسپان کي جنگي جهاز کیے نزدیک پُهنچکر اور چوٹ کهاکر فضلِ الهَي اور محنت سیے بهادرون کي خیریت سیے پهرایا

کنارے کو پہنچتا هي اور جهاز کيے نويے لوگ کتين وهان چلنا پهرنا مُشکل هي اِس لئيے پهلے فراسيس اور انگريز کيے درميان بهُت برس تک جنگ تها اور انگريزان سب فراسيس کے جزيرون کو فتح کئيے مگر يهِ جزيرہ فتح نهين کئيے

بولتيے هين کہ يهِ جزيرہ اول پُرتکيس آباد کيا تها جب کہ اژدها اور سانپ بچهو اِسمين بُهتايت سيے تهيے اِس سبب سيے لوگ نهين رهسکيے اُسوقت فراسيس کو ديا اور پادريان فراسيس کيے قوم کيے جادومنتر سيے سانپ بِچهو وغيرہ کو قيد کرکيے اور کِشتيانمين چرهاکر وهان سيے دو تين کوس کيے پيليور ليجاکر پاني مين چهور دئيے جيساکہ اُس تاريخ سيے سانپ بِچهو وغيرہ کا اوس جزيريمين نام نهين رها اِس بات کو خُدا بهتر جانتا هي

مچهلي بُهت هي لوگ گل اور جالييے سے پکڑتے هين لِيکن کوئي مچهّي بنگاليے کي مچهلي سريکا نظر نهين آئي اگرچہ بعضيے مچهي کَوي کيے سريکا اور بعضيے رنگ

اسواسطے مٹّي اور اینٹ کي دیوار نہین ٹھیرتي هي گھران لکري سے بناتے هین گھر کے سایُبان مین بھي تختے بندي کرتے هین لاکِن زمین سے ایک دو هاتھ بُلنَد منڈوے کے طرح بناکر اسکے نیچے چاک لگاتے هین اچّھا گھاس وهان نہین هي اِسواسطے گھر کے چھت کو تختے کے ٹُکرون سے کھپریل کے سریکا ایک کے اوپر دوسرا ٹُکڑا رکھکر لوهے کے میخون سے بند کرتے هین تھورا بھي پاني اُسمیْن نہین گھس سکتا هي ایک گھر کو پچاس ایک سو برس تک مَرمّت کرنا ضرور نہین بُنیاد گھر کي پایُون پر الگ رهتي هي اِسواسطے جِس جگہہ چھتے هین گاري کے سریکا دور یا نزدیک هو ایک دو کوس گھر کو کھینچکر لیجا سکتے هین

اِس جزیریکے اطراف مین بسبب خراب کے جگہہ جهاز لنگر کرنے کي نہین مگر شہر کے نزدیک ایکیچ جگہہ هي اُس راستے مین بھي تین کوس تلک خراب جگہہ کا در بھت هي اور بھت مِحنت سے جهاز

باندیان کتیں بھٹہ وغیرہ اناج پکاکر کھلاتي ھین دوسرا ایک قسم جھار کي جر کا مولي کیے سریکا وھان پیدا ھوتا ھي اُس کا آٹا بناکر روٹي پکاکر کھاتیے اور مین ایک روز تھوري کھایا اور مزا اُس کا نہ کھٹا نہ میٹھا نہ نمکین معلوم ھوا آم تربوز کھیرا خربوزہ وغیرہ میویے بنگالے کے جیٹ کے مھینے مین خلاصیان کي معرفت وھان کیے بازارسیے مِلي آم وزنمین پاؤ سیر اور بعض آدھا سیر کا تھا اور بیے ریشہ اور خوش مزا کھانیے مین آیا بعضے آم کا رنگ باھِر ھرا اور اندر نیلہ تھا بنگالے مین اِسطرح کیے آم کم نظرآئیے کاغذي لیمو اور لال مِرچ وھان کیے پھارون مین آپ سیے آپ ھوتے ھین غریب لوگ جنگل سے لاکر بازار مین بیچھتے اوس جزیریمین تانبیے کے پیسیے اور کوریان کا رِواج نھین مگر نوٹ کا کاغذ ایک سو روپے دو سو روپے سے لیکر آٹھ آنیے اور چار آنیے تک کا ھي وھي نوٹ کا کاغذ خرید و فروخت مین مُقرّر ھي وھان کي جگھہ بُھت سرد ھي اور مٹّي وھان کي بالو سے مِلي ھوي ھي

مورس کا جزیرہ ستّر پر پانچ کوس کا چورا هي اُس کے بیچ مین پهار جنگل اور ویران جگهہ بهي هي مگر مشرق کے طرف دو تین هزار بیگهہ زمین کا زراعت کے لایق هي کہ اُس مین ایک چهوٹا شهر آباد کئے هین فراسیس کوٹهے اور قلعہ پهتّر سے بنائے هین اور اُس کے آس پاس باغان لگائے اور هر ایک عمدہ فراسیس پاؤ کوس زمین کو اپنے علاقہ مین لیکر اُس کے اطراف بار لگاکر اُسمین کهیت باري کرتي هي پچاس یا ایک سُو غُلام اور باندیان زراعت کے کام پر مُقرّر کئے هین غُلام اور باندیان کو جواني اور چهنپن مین مادہ گاس کار اور ملیوار کیے مُلک سے جهاز کیے لوگ سے جو بردہ فروش هین بهاري قیمت سے یعنے پچاس روپئے ساٹهہ روپئے کو مول لیکر زراعت کے کام مین مُقرّر کیا هي

وهان سوائے بهُٹہ رالہ دهان گیهون اور جاري کیے دوسرا اناج نهین هوتا هي دولتمندان گیهون اور چاول بنگالا اور دوسرے مُلک سے لاکر کهاتے هین غریبان اور غلام اور

۴

یہہ کیفیت میریہ پہنچني کي مورس
کیہ جزیریہ مین اور دوسرا احوال
وهان کا

ساتوین تاریخ شوال کو مورس کو پہنچا ایک شخص سارنگ یعنیہ جو سردار خلاصیان کا اور سات آدمي مُسلمان رهنہ والیہ هوگلے بلوار انبوہ کے جو عید کي نماز کي لئیے آئیے تهے اُن سیے مین مُلاقات کیا دیکها کہ هرایک آدمي جور و اور بچّے رکهتا هي اور وهان رهکر وطن کو جانیے کي کُچهہ پروا نهین اور فراسیس کے باندیان کو شادي کرکے اُن کے غُلامون مین داخِل هوے هین اور فراسیس اُن کو نهین چهورتے هین جو وطن کو جاوین مُجهہ کو اپنے مُلک کے لوگون کیے دیکهنیے سے خوشي حاصِل هوي اؤر اُن کیے وسیلے سیے سولا روز رهنے کو اچّهي جگهہ مِلي

وہ کوئي چوٹ نہین کھایا اور تھوڑے وقت کے بعداز اپنے کام مین مشغول ہوا

بادِ شرطہ اُس کو بولتے ہین کہ طوفان جاتي رہے بعداز جو بارا آہستہ آہستہ اور خوش مانند صُبح کے بارے کے بھتاھي اور اِس بارے سے جہاز کے لوگ کو طوفان کي تصدیع پانے کے بعداز آرام مِلتي ھي بعضے وقت ایسا ہوتا ھي کہ کُچھہ ہَوا نہین چلتي ھي جہاز کھڑا رہتا ھي اور تہام اِس طرف اُس طرف جھوکٹ کھاتے ہیں اُسوقت دریا کا میدان شیشے کے سریکا صاف اور نیلہ نظرآتا ھي اُسوقت مین جہاز چلنے سے موقوف رہکر کوئي جگہہ ہفتہ اور کہین دو اٹھوارہ رہنا ہوتا ھي اؤر خلاصیان گانے بجانے مین مشغول ہوتے اؤر صاحِبان اپنے بي‌بِیان سے ناچ اور خوشي کرتے ہین مُجھہ کو تعجبُ معلوم ہوا اؤر میرے دِلمین نااُمیدي کے باعِث یہہ بات آئي اگر جہاز تھوڑے مہینے یہان رہے تو جِینا مُشکِل ہوگا اور مین اپنے وطن کو کب پُھنچونگا

چلانیکا علم اور دوسریے عُلوم کو ایسا آسان کیۓ هین کہ
وِلایت کیے لوگ کو عِلم سِکھنیے مین کُچھہ محنت نهین
هوتی هي محِنت و بهادُري کی حقمین بهت قوّت رکهتے
هین ایسي ایسي مُشکل کام کرنیے کو اپنے پر آسان کیۓ
هین یِهہ کام اِسي قوم کا کام هي نهین تو دوسرے کا مقدور
نهین چنانچہ طوفان کے وقت دوسرے اور تیسرے تهام پر
جهاز کیے چڑهتیے هین اگرچہ بارا سخت چلتیے اور کبهي
گدلون کیے سریکا جهاز کیے رسیون سے لٹکتے هین اُن کیے
دِلون مین ذرہ بهي در نهین هي جیسا کہ مین پهرانیے کہ
وقت دیکها کہ کوئي رات بهوت طوفان تها تینون تهام
اوپر کیے ٹوٹ گیۓ اور ایک گورہ آدمي جو تیسرے
بادبان پر تها بادبان سمیت پاني مین گِرگیا اور پهریے
والا جهاز کا جو کنارے پر جهار کیے کهڑا تها اُسي وقت رسّي
پهینکا اور پکارکر بولا کہ رسّي کو پکڑلے وُہ گورہ رسي کو هاتهہ
پر لپیٹ لیا پهرے والا اُسکو کیهنچکر جهاز کے اوپر لایا اور

آئے تھے اُن کو رُخصت کیا فِرقت سے وطن اور جُدائي سے سِگون کي جو غم میرے دِل پر گذرا سو خُدا کو ظاہر هي القصّہ جب ناخُدا نے جهاز کي لنگر اُٹھایا چهار روز کے عرصے مین سرحد مین دریاے شور کے پُهنچا جِسکي موج سے بُربوري رات کے وقت چِراغان کي سریکا چمکتے تھے مین غُسل آبِ شور سے کرتا تها اور طبیب فرنگ کے دریا کي آب و هَوا کو تندرُست اور بیمار کے حقمین نفع دینے والے سمجهتے هین چُنانچہ میرے تجربي مین آیا کہ کوئي بیماري مین مبتلا نهین هوا مگر عارضہ پیچش کا جو تها وہ بهي اسپغول کے کهانے سے دفع هوگیا

خاصیت قبلہنمُا کے لوهي مانندِ کاربُا کے هي جیسا وہ گهانس کو کهینچتا هي یہہ اک قِسم کا لوها هي جو لوهے کو کهینچتا هے قبلہنمُا کا کانٹا همیشہ شمال کي طرف جُهکتا هي اور قبلہنمُا کے سبب سے جهاز چلانے کے کام مین صاحبانِ فرنگ بهوت قُدرت رکهتے هین اور جهاز

جب ایک هفتے کي راه چلے کپتن صاحب مُجهه کو
کهے شاهِ عالم بادشاه کا خط لارد کایف صاحب میرے سے
لیکر قرار کیے که اب تک تحایف بادشاهِ ولایت کو بهیجنے
کے واسطے بنارس سے نهین بهیجے صِرف نامه لیجانا مُناسب
نهین بهتر یهي سال آینده مین نامه معه تحایف مُجهه
کو پُهنچیگا اور ولایت مین پُهنچکر تُمکو دیونگا نامه اور
تحایف شاه ولایت کے حُضور مین گذُراننا تُمهارا علاقه
هي یهه باب سُنکر هوش میري جاتي رهي اور یقین سمجها
که حیله اِسبات کا بے سبب نهین آخر اِتني محنت کا
سفر کُچهه فایده ندیویگا اگر آگے مین یهه بات جانتا تو یهه
کام نکرتا جبکه کار از دست رفته وتیر از شست جسته کا
علاج نهین هي لاچار هوکر جواهش خُدا پر راضي هوا جهاز
کي سفر کي محنت و سختي اپنے پر آسان کیا

گیارویں تاریخ شعبان کي سن گیارا سو اسي کو ماکهه
کے مهینے مین فضل الهي پر نظر کرکر هجلے کے گانون سے
جهاز پر سوار هوا قاضي شیخ علیم الله جومیریے تین پهُنچا نیے

کلیف کیے ساتھ کلکتے کو آئیے اور لارد کلیف مصلحت سے
جنرل کارناک و کپتن س و جارج وانستارت صاحب و
نوّاب مُنیرالدّولہ اور راجہ شتاب راے کے بغیر اطلاع دوسرے
صاحبان کونسل کے باغمین دمدمہ کے جاکر خط لکھاکر شاہ
عالم بادشاہ کے مُہر خط پر کرکے خریطہ اُسکا کپتن س کے
حوالے کیے کیونکر کپتن س بطور ایلچي کے طرف سے
بادشاہِ ہندوستان کیے شاہِ وِلایت کے حُضور مین جاوے
اور تُحفے اَیک لاکھ روپیے کیے حُضور مین شاہِ وِلایت کے
گذُرانیے اور اپنا مطلب و مقصد حاصِل کرکر پھرآوے اُس
وقت کوئي مُنشي شاہ عالم بادشاہ کیے طرف سے ہمراہ
کپتن س کے جانا ضرور ہوا القصہ سب صاحبان مُجھہ
کو بھیجنا مُقرّر کیے اور چار ہزار روپیے خرچ کیے واسطیے
بادشاہَ کے سرکار سے مُنیرالدّولہ کي معرفت میرے تین دِلوے
آیندہ بادشاہي عنایات کا مُجھہ کو اُمیدوار کیے الغرض
مُجھہ کو بھي جواني کے سبب وِلایت کے سیر کي خواہش
ہوي اور کپتن س کے ساتھہ جہاز مین سوار ہوا

انگریزي فوج کي چھاوني اب جون‌پور ميں مُقرّر هوي هي جون‌پور الهاباد سے نزديک هي ضرور کے وقت تمام سپاه آپ کے حُضور ميں حاضر هونگے اوْر آپ سب طور سے خاطرِ جمع رهو بعدازِ اتفاق سے نوّاب مُنيرالدّولہ اوْر راجہ شتاب رائے کے اوْر مُطابق مرضي شاهِ عالم کے لارد صاحب خط لکھنے اوْر بھيجنے ميں بادشاه ولايت کے طرف مشغول هوے اوْر مطلب خط کا يہ تها جو مدد اور کُمک فوج انکريزي کے سپهسالاري سے سرداران انگريز کے مُجهه کو چاهيے سو آپ کي مهرباني سے هونا ضرور هي اوْر هماريے تمهاريے درميانِ دوستي و مُحبّت روز بروز ترقي پاويے اوْر مين تُمهاري دوستي پر نظر کر کے صوبه بنگالا و غيرہ کي ديواني کي سند کُمپني کے نام پر لِکهکر ديا هون اوْر سرداران تُمهارے سرکار کے ميريے ساتهه نيکي اوْر خيرخواهي بجالائے اِس مضمون کا خط ايک لاکهه روپے کے تُحفون کي ساتهه روانه کرنا مُقرّر کيے

چنانچہ نوّاب مُنيرالدّولہ اوْر راجہ شتاب رائے لارد

بندوبست کیے اور باالکل هماري دولت کي مضبوطي کے
لیے کچھ دهیان نکیري انگریزي فوج دهلي کا تخت قایم
رهي تک هماري حضوري میں نهین رکھے اور مجھ کو
چو طرف کیے دشمنون کے بیچ میں چھورکر چلے جاتیے
هو لارد کلیف اور جنرل کارناک اِس بات سیے بهت
غمگین اور تهورا شرمندہ هوکر جواب دیے کہ انگریزي
فوج آپ کے حضور مین رکھنیے کیے واسطیے سوایے حکم
بادشاہ ولایت کیے اور بیے دریافت کرنیے مرضي صاحبانِ
کمپني کے هم حکم نهین کر سکتے هین لیکن اب هم
بادشاہ ولایتو غیرہ کو عرض کرینگیے جب حکم ولایت
سے پهچیگا البتہ وہ بندوبست هوجایگا مگر جواب با صواب
وهان سے آیے تک مصلحت اور مناسب یهہ هي کہ
آپ الهاباد میں رهین اور اِن دنون میں خبرل اِسمت
انگریزي فوج کیے سپسالار مقرر هویے هین اور وہ ایک
پلٹن اپنے ساتهہ لیکر آپ کے حضور میں رهینگیے اور سب
طرح کي نوکري اور خیر خواهي بجالاوینگیے اِسکے سواي

میجر پارک وِلایت کو جانیے کے بعداز اُن کیچ سِفارِش سے ستریچی صاحِب کیے پاس نوکر ہوا اوْر چندی قُطب پور کی تحصیل‌داری کِیا اِس پیچھیے دوسریے صاحِبان کی نوکری میْن داخِل ہوا

القِصّہ جَوانی کے دِنان سب صاحِبان کی نوکری میْن گُذریے اب جو بودّھا پیے کیے وقت ہرایْک قِسم کی تصدیعہ پاتا ہون یِہہ بھی میری بدبختی ہی

سَن ایْک ہزار ایْک سو اشَی ہِجری میْن نوّاب شجاع‌الدّولہ الہاباد میْن لاردّ کلیف صاحِب کی معرفت درمیانِ اپنے اور کُمپّنی کہ عہدنامہ لِکھایا اور شاہِ عالم سے رُخصت ہوا لارد کلیف صوبۂ بنگالہ اوْر بہار اوْر اُدیسہ کی دیوانی کی سند کُمپنی کیے نام پر اوْر اوس ملک کی حُکومت کی سند نام سے نجُم‌الدّولہ جو بیٹا میر محمد جعفِر علیخان کا تھا بادشاہ کے حُصور سے لِکھوا لیکر رُخصت ہونا چھاہا اوس وقت شاہِ عالم نے آنسو آنکھہ میْن لاکر کہے کہ تُم کُمپنی کا کام اپنی خاطِر خواہ

۱

پہلا احوال مُصنّف کا و سبب ولایت کو جانی کا — جہاز پر فرانسیس کیے سوار ہوا — کیفیت قِبلہ‌نُما کیے و بادان کیے

میْن عمل مین جعفر علیخان مرحوم کے رِفاقت و صُحبت سیے شیخ سلیمُ‌اللّٰہ مُنشي و مرزا مُحمد قاسِم میرمُنشي نوّاب مرحوم کیے نوشنخواند میْن فارسي کي قُدرت بہم پُہچاکر حکُومت مین قاسِم علیخان کي میجر پارک صاحِب کے سرکار میْن نوکر ہوا اوْر اسد زمان خان اوْر راجہ بیر بہوم کیے جنگ میْن حاضِر تہا اوس جنگ کیے بعداز حضرت شاہِ عالم بادشاہ کي مُلازِمت حاصِل کرکر ہمراہ میجر صاحِب کیے کلکتیے کوْ آیا اوس وقت مین سب صاحِبان انگریز کیے سرکار میْن آٹھ مُنشي نوکر تھے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جمیع حمد سزاوار ہی اُس خالق کو کہ جسنے اولادِ آدم
کو جہل کی تاریکی سے نکال کر روشنی عقل کی بخشا
اور سلسلہ بنی آدم میں پیغمبر آخرِ زمان کو پیدا کر کے
درمیانِ نیک و بد کے فرق ظاہر کیا صلوات و سلام اُس
نبی مختار اور اُس کے آل عظام و اصحاب کرام پر صاحبانِ
فطرت پر ظاہر ہووے کہ میں سیاح جہان گرد و آوارۂ ملک
نور دیعنی شیخ اعتصام الدین بیٹا تاج الدین کا باشندہ
بجنور کا اور بسکہ آبجور کی کشش سے ولایت کا سفر کیا
اور کچھ عجایب و غرایب فطرت و اشیا ولایت کے
جو دیکھے اُس کا مفصل بیان کرنا نہایت طول داستان
تھی اسواسطے جو دیکھنے والوں کو اس کتاب کے فایدہ
کی حاصل ہو بطور اختصار کے لکھ اور کتاب خانۂ دنیا
میں اس کتاب کو اپنی یادگاری کا نقش چھوڑا

۱۵

یہہ کیفیت انگلند کے کھانے پینے کے اشیا کی —
پھولون کیے — کاروان‌سرا کیے — سفر کرنیے کیے
— طور کیے کِشت و کاری کیے — گھورون کیے
— اقسام کیے جانوران کیے — کُتون کیے ۱۵۹

۱۶

یہہ کیفیت میرہ اور کپتن س کے بیچ مین تکرار
ہونے کی — سبب ہِند کو پھر انے کیے —
خاتمہ کتاب کا ۱۷۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جمیع حمد سزاوار هي اُس خالق کو کہ جسنے اولادِ آدم
کو جہل کي تاریکي سے نِکال کر روشني عقل کي بخشا
اوْر سِلسلہ بني آدم مےْن پیغمبر آخرِ زمان کو پیداکر کے
درمیانِ نیک و بد کے فرق ظاهِر کیا صلوات و سلام اُس
نبي مُختار اوْر اُس کے ال غظام و اصحاب کِرام پر صاحِبانِ
فِطرت پر ظاهِر هوویے کہ مےْن سیّاح جهان گرد و آوارۂ ملکُ
نور دیعنے شیخ اِعتضامُ الدیْن بیٹا تاجْ الدین کا باشِندہ
پاچنور کا از بسکہ آنجور کي کِشش سے وِلایت کا سفر کیا
اوْر کُچھ عجایب و غرایب ضُعتان و اشیا ولایت کے
جو دیْکھا اُس کا مُفصّل بیان کرنا نہایت طول داستان
تھي اِسواسطے جو دیْکھنے والون کو اِس کِتاب کیے فایدہ
کُلّي حاصل هو بطورِ اِختِصار کے لکھا اور کِتاب خابۂ دُنیا
مےْن اِس کِتاب کو اپني یادگاري کا نقش چھوریا

١٥

یہہ کیفیت انگلند کے کھانے پینے کے اشیا کی —
پھولون کیے — کاروان‌سرا کیے — سفر کرنیے کیے
— طور کیے کِشت و کاری کیے — گھورون کیے
— اقسام کیے جانوران کیے — کُتون کیے ١٥٩

١٦

یہہ کیفیت میرہ اور کپتن س کے بیچ مین تکرار
ہونے کی — سبب ہِند کو پھر انے کیے —
خاتمہ کتاب کا ١٧٤

۱۰

یِہ کیفیت جُدا جُدا فرنگِستان کے مُلک کي —
حضرت عیسےٰ کیے اور دین عیسوي کیے ۸۲

۱۱

یِہ کیفیت قوم انگریز کي اِنکار مین جنابِ مُحمد
صلے اللہ علیہ و سلم کي پیغمبري اور قُران
شریف سے ۹۵

۱۲

یِہ کیفیت بحث کرني مین میرے اور تھوریے
صاحِبان کے دین و مذھب کیے مُقدمے مین .. ۱۰۶

۱۳

یِہ کیفیت انگلند کے بادشا کي فوج و جھاز کیے
اور عدالت کیے ۱۱۸

۱۴

یِہ کیفیت بچون کو تربیت کرنے کي — اھل
انگریز کیے اوقات گُذرانیے کیے — یست اِندیا
کمپنیے کیے ۱۳۷

۵

یِہ کیفیت لندن کے شہر کي عمارتون کیے —
سینت جیمزز پارک کیے — شہر کیے راستون
و دوکانون کیے ۳۶

۶

یِہ کیفیت ناچ خانا کیے — سرکس کیے — شعبدہ
بازي کیے — واکس‌ہال کیے و عورت بُلند قد کیے ۴۴

۷

یِہ کیفیت وکسفرد کي شہر کو جانیے کي وہان کے
مدرسے کے احوال کي ۵۵

۸

یِہ کیفیت سکاٹلن‌د کے سفر کي — یدنبرہ مین
پُہنچنیے کیے — کپتن س کیے باپ دادا کیے .. ۶۴

۹

یِہ کیفیت کوہستان کیے ۷۲

۱

پہلا احوال مُصنّف کا و سبب ولایت کو جانے
کا — جہاز پر فرانسیس کیے سوار ہوا —
کیفیت قِبلہ‌نمُا کیے و بادبان کیے ۲

۲

یِہ کیفیت میریے پُہنچنے کی مورس کیے جزیریے
مین اور دوسرا احوال وہان کا ۱۱

۳

یِہ کیفیت کیپ گُد ہوپ اور آس سِینشن کیے
جزیرے کا ۱۸

۴

یِہ کیفیت پُہنچنے مین نانتز کیے شہر مین جو
فراسیس کے مُلک مین ہی نقل وہان کیے اور
انگلند کیے مُلک مین پُہنچنیے کیے ۲۶

شگرف نامه ولایت

مرزا

اعتصام الدین کی

جیمس ایدوارد آلکساندر صاحب

سردار تُرک‌سوار انگریز کا

فارسی سے ترجُمه کیا

۱۲۴۳

By the same Author,

TRAVELS

FROM

INDIA TO ENGLAND,

COMPREHENDING A

VISIT TO THE BURMAN EMPIRE,

AND A

JOURNEY through PERSIA, ASIA MINOR, EUROPEAN TURKEY, &c.

In the Years 1825-26.

Containing a Chronological Epitome of the late Military Operations in Ava; an Account of the Proceedings of the present Mission from the Supreme Government of India to the Court of Tehran; and a Summary of the Causes and Events of the existing War between Russia and Persia.

With Sketches of Natural History, Manners and Customs; and illustrated with Maps and Plates

1 Vol. 4to. £1. 11*s.* 6*d.*

LONDON:

PRINTED BY J. L. COX, GREAT QUEEN STREET.